Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri



Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

گُماں سے آگے

(شعری مجموعہ)

اندھیرا ہی اندھیرا ہے کہ گھر میں
کہیں روشن رخِ زیبا نہیں ہے

شیخ گلزار

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ:

کتاب کا نام:		گماں سے آگے (شعری مجموعہ)
مصنف	:	شیخ گلزار
سکونت	:	سامبورہ، (پانپورہ)، پلوامہ
سن اشاعت	:	نومبر ۲۰۲۳ء
صفحات	:	۲۰۴
تعداد	:	۵۰۰
کمپیوٹر کتابت	:	میر پرویز 9469155007,9697476370
اہتمام	:	ڈاکٹر گلزار احمد وانی
پرنٹنگ	:	پرواز کمپیوٹرس اینڈ پرنٹرس، ترال/ پلوامہ
قیمت	:	300 روپے

○■○

Gumaan se Aagey

by

SHEIKH GULZAR

9622429057

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

انتساب

اپنے والدین

اور اپنی اہلیہ

''زیبا'' کے نام

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
01	پیش لفظ / ڈاکٹر گلزار احمد وانی	11
02	اپنی بات	15
03	بے قراری بڑھ رہی ہے ان دنوں	17
04	لوگ کیا کیا نہیں سمجھتے ہیں	19
05	کیا کہوں اُس نے کیا کہا مجھ سے	20
06	کون یہاں پر اپنا ہے	22
07	دل کسی کام کا رہا ہی نہیں	24
08	کیا ضروری تھا آپ کا جانا	26
09	تمہیں چاہیں گے ہم لیکن کہاں تک	28
10	کیا کہیں گے کہ کون اپنا ہے	30
11	کیا کسی سے کرے گلہ کوئی	33
12	میں بھلا تم سے اور کیا چاہوں	35

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

13	خوشی کی بات ہے وہ مجھ کو دیکھنا چاہے	37
14	کہو کس بات پہ مجھ سے خفا ہو	38
15	خود کو بھی اب گنوا دیا میں نے	40
16	چلو میرے لئے اتنا بہت ہے	42
17	اس طرح وہ جدا ہوا مجھ سے	44
18	ایک دن خود ہی جان جاؤ گے	46
19	گزرتی زندگی سے کیا کہو گے	48
20	جیسا بھی ہے اچھا ہے	50
21	کیا خبر کب وہ لوٹ کر آئیں	52
22	میں خفا، وہ بھی تم سے ہو جاؤں	54
23	تم کو تو ہر طرح سے مگر جانتا ہوں میں	56
24	کیا کیا میرے حبیب مجھے دیکھنا پڑا	58
25	کہ تو اس بات سے واقف نہیں ہے	60
26	بہت دشوار ہے جینا یہاں اب	62
27	کب کیا میں نے چاہا ہے	64
28	تجھے کیا علم ہے میری وفا کا	66
29	کیا کہوں کیا خطا ہوئی مجھ سے	67
30	جب کسی سے وفا نبھاؤ گے	69

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

31	اب یہاں کون مجھ کو چاہے گا	71
32	تجھے بس پوجنا میں چاہتا ہوں	73
33	سناتا میں مگر میں کیا سناؤں	75
34	گل کھلا ہے کہاں نہیں معلوم	77
35	بہت پچھتاؤ گے مجھ کو گنوا کر	79
36	میں کہاں ہوں یہ بے بسی کیسی	81
37	جب اوروں کو دیکھو گے	83
38	کہو، لیکن تمہارا نام ہے کیا	85
39	یہ بتا تم سے کیا کہا کس نے	87
40	گنوایا خود کو بھی میں نے وفا میں	90
41	کس سے کیا بولنا ہے جانتا ہوں	92
42	میں کن حالات میں ہوں کیا بتاؤں	94
43	تم کو کب تک میں دیکھنا چاہوں	95
44	میں بھی ہوں مجبور بہت	97
45	تم نہیں ہو تو زندگی کیا ہے	99
46	کیا کہیں کس پہ کیا گزرتی ہے	101
47	تمہیں جو کچھ بھی کہنا ہو کہو جی	103
48	کس قدر مجھ کو یہ ستاتی ہے	105

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

49	ہیں باندھے ہاتھ میرے بھی کسی نے	107
50	کس غم کو کس عالم کو نہیں جانتا ہوں میں	109
51	چھوٹی چھوٹی باتوں پر	111
52	کہو کب تک زمانے سے ڈرو گے	113
53	جیسے کہ تجھے میری ضرورت ہی نہیں ہے	114
54	سُنا ہے میں نے بھی لیکن خبر کیا	116
55	زندگی تجھ سے کیا کہے کوئی	118
56	دیکھ کے مجھ کو مُسکرا لینا	120
57	کس سے کیسے سمجھوتے	122
58	اس سے پہلے وہ کب نظر آئے	124
59	ایک دن تم بھی ہار جاؤ گے	126
60	یہ دنیا ہے یہاں رونا ہے واجب	128
61	مجھ کو ہے معلوم کہاں	130
62	میں کہاں تھا کہاں یہ جا پہنچا	132
63	حال اپنا ہے کیا کہوں کیسے	134
64	تجھے اب بھی بہت میں چاہتا ہوں	136
65	کوئی غم مجھ کو کھائے جا رہا ہے	137
66	سنا ہے میں نے بھی لیکن خبر کیا	139

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

67	وفا کے نام پر کیا چاہتے ہو	141
68	تم ہمارے ہو نہ پرائے ہو	143
69	اس طرح مجھ کو چھوڑ کر جانا	145
70	تم کیوں ایسے روتے ہو	147
71	ایسے ویسے آنا جانا مشکل ہے	149
72	زندگی تجھ سے لٹ گیا میں بھی	151
73	تجھے اب بھی بہت میں چاہتا ہوں	153
74	آج تک دُور ہی رہا مجھ سے	155
75	زندگی اور کیا کہوں تم سے	157
76	کاش میں بھی یہ سوچتا پہلے	159
77	مجھ سے میرا نام نہ پوچھ	161
78	یوں تو ماحول دوستانہ تھا	163
79	آج وہ اس طرح ملا مجھ سے	165
80	لگتا ہے اِک صدی سے اُسے جانتا ہوں میں	167
81	کسی سے بھی یہاں مجھ کو ملا کیا	169
82	یوں تو تم مجھ جیسے ہو	171
83	کوئی کچھ بھی کہے تو کہنے دو	172
84	ہم کہاں تھے مگر کہاں پہنچے	173

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

85	تنہا تنہا ایسے رہنا مشکل ہے	175
86	کون اب مجھ کو دیکھنا چاہے	177
87	گُماں	179
88	مگر	182
89	تمہاری قسم	185
90	وابستگی	187
91	پہلے کی طرح	190
92	اتنی بڑی دُوری	191
93	میں ہنسنا چاہتا ہوں	192
94	اس سے پہلے	195
95	یادیں	198
96	سوچ	201

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖❖❖

میری زندگی کا مقصد تیرے دین کی سرفرازی
میں اسی لیے مسلماں، میں اسی لیے نمازی

پھر اٹھا نہ کوئی رومی عجم کے لالہ زاروں سے
وہی آب گل ایراں، وہی تبریز ہے ساقی

نقش ہیں سب ناتمام خونِ جگر کے بغیر
نغمہ ہے سودائے خام خونِ جگر کے بغیر

۔۔۔علامہ اقبالؒ

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

پیش لفظ

شیخ گلزار کئی دہائیوں سے اُردو شاعری کے گیسو سنوارنے میں مصروف کار ہیں، ''گماں سے آگے'' ان کا چھٹا شعری مجموعہ ہے۔ اس سے قبل ان کے سبھی مجموعے دیکھے ہیں اور ان سب سے انہیں جو مقبولیت حاصل ہوئی ہے وہ قابل داد ہے۔ آپ مشاعروں میں اپنا کلام پڑھتے ہیں جو نہایت عام فہم زبان میں ہوتا ہے۔ انہیں دیکھ کر اکثر یہ دھوکہ ہو جاتا ہے کہ یہ خاموش طبع انسان کچھ بھی ہو سکتا ہے مگر کم سے کم شاعر تو نہیں۔ مگر جس تسلسل کے ساتھ وہ اُردو شاعری کی آبیاری کر رہے ہیں وہ بھی سراہنے کے قابل ہے۔ انہیں کالج کے زمانے سے ہی اُردو شعر و شاعری سے از حد دلچسپی رہی ہے۔ اس دوران انہوں نے پروین شاکر، احمد فراز اور احمد ندیم قاسمی کا بھی مطالعہ کیا ہے جس کے بعد ان کے کلام میں آہستہ آہستہ پختگی در آئی ہے۔ ان کی شاعری میں داخلیت پسندی کے ساتھ ساتھ خارجیت بھی بدرجہ اتم پائی جاتی ہے۔ ان کے کلام کا مطالعہ کرتے وقت ایک قاری کئی الفاظ کو بار بار استعمال ہوتے ہوئے اس نتیجہ پر آہی جاتا ہے کہ ان کے ایک پہلو میں کئی اور پہلو بھی ساتھ ساتھ ہوتے ہیں۔ ان کی شاعری کے کئی اہم وجوہ ہیں جن سے وہ پوری آب و تاب سے شعر آسماں پر چمک رہے ہیں۔ پہلا وجوہ یہ ہے کہ ان کے یہاں ہمکلامی ہے وہ خود کلامی سے تھوڑی پرے بھی ہے اور قریب بھی۔ جو کردار ان کے شعری پیکروں میں اُبھر رہا ہے وہ انہیں محسوس کر پا رہا ہے پر ہاتھ آتا نہیں ہے۔ جس کے چلتے انہیں نئے احساسات سے نبرد آزمائی بھی رہتی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ہے۔اسی لیے یہ کلام کئی پہلوؤں سے تہہ دار اور معنی خیز ہے۔ان کے یہاں فکری نظام شعری نظام سے بالکل اسی طرح میل کھاتا ہے جس طرح لفظ اور معنی۔ان کے یہاں ان چیزوں کی ہم آہنگی ہے۔دوسرا وجہ یہ کہ ان کے شعری سرمائے میں یہاں کی تہذیب وثقافت کی پاسداری بھی موجود ہے جو اپنی معنویت اور اہمیت منوا رہی ہے۔

شیخ گلزار جس ڈگر پر قائم ہیں وہ روایت کے برعکس ہے نہ جدید تخلیقات پر ہی پورا انحصار دکھا رہی ہے۔بالکل اسی طرح کا خیال مندرجہ بالا اقتباس سے بھی ہو جاتا ہے۔مگر شیخ گلزار روایت کے پاسداروں میں سے ہیں۔

"۱۹۸۰ء کے بعد کے شعراء کا یہ اعلان کہ وہ اپنی راہ اور ڈگر خود متعین کریں گے یا کر رہے ہیں اور سابقہ تخلیقات سے رشتہ نہیں رکھتے، بہت زیادہ وزنی نہیں معلوم ہوتا ہے"

نئی سمت کی آواز۔پروفیسر وہاب اشرفی۔ص: ۱۳

شیخ گلزار ایک حقیقی فن کار ہیں جو روایت کے امین اور پاسدار ہیں اور اپنی انفرادیت پر بھی قائم ہیں۔ٹی۔ایس۔ایلیٹ کا ماننا ہے کہ دراصل حقیقی فنکار اپنی روایت پر بھی نظر رکھتا ہے اور انفرادی صلاحیتوں کا مظاہرہ بھی کرتا ہے۔مندرجہ ذیل چند اشعار پیش ہیں جو اسی گلدستے سے انتخاب کئے گئے ہیں۔

زندگی تو بچھڑ گئی لیکن
کیا مجھے بھی یوں ہی بھٹکنا ہے

اک احاطے کو گھیرنے والے
آخرش تم کو بھی سمٹنا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مجھ کو حیرت سے دیکھنے والے
مجھ کو شاید نہیں سمجھتے ہیں

نکلتا میں بھی ہوں پر واپسی پر
پتا گھر کا ہر اِک سے پوچھتا ہوں

اس بستی میں شور بہت ہے آؤ تو
ایسے میں کچھ کہنا سُننا مشکل ہے

اپنی قسمت پہ ناز تھا پھر بھی
گھر کو جانا تھا ہم کہاں پہنچے

کیا کہوں میں بھی کہ حالت پہ میری
زندگی بھی ہنس رہی ہے اِن دنوں

مندرجہ بالا اشعار میں زندگی سے بے پناہ محبت کی عکاسی بھی ہے اور اس کے توسط سے ملے ہوئے زخموں پر مرہم پٹی بھی دکھائی دے رہی ہے۔ ان کا کلام بہت طرحدار اور رنگ دار ہے، جسے پڑھ کر ایک قاری دیکھے اَن دیکھے تخلیقی اور تخیلی جزیروں کی سیر کرتا ہے جہاں کئی رنگ کی تتلیاں، مسحورکن ہوائیں، مخملی سبزہ، لذیذ پھل، کیفیتِ مہجوری، اور کیف وسرور کا وصال تہہ در تہہ دیدمان ہے۔

''سایہ دھوپ کا'' سے ''گماں سے آگے'' تک کی شاعری سے یہ بات اب بالکل عیاں ہو جاتی ہے کہ شاعر کے یہاں شعری جمال، بحسن و کمال ہے۔ جس کے کئی رنگ

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جلوہ نما ہیں۔ شیخ گلزار کی خاصیت یہ ہے کہ وہ اپنے تخلیقی ذہن سے متحیر زدہ احساس کو تحرک بخشتے ہیں اور اپنی تخلیقی قوت سے بار بار حقیقت کو تجریدیت اور تجریدیت کو حقیقت بنانے کی اعلیٰ صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہی سبب ہے کہ ان کے بیشتر اشعار فہم وادراک کے آئینے میں آ کر پہلو در پہلو مناظر پیش کرتے ہیں جو ایک قاری کے لیے حیرت سامانیاں بھی پیدا کرتے ہیں۔ ان کے سوچنے اور پرکھنے کا عمل بھی کچھ الگ سا ہے جو فہم وادراک پر ایک عجیب سی دستک دیا کرتے ہیں۔ ان کے یہاں خیال آفرینی، تکنیکی اعتبار سے بھی شعر کے قالب میں پوری ہیئت سمٹ سمیٹ آتی ہے اور جو فکری نظام ان کے کلام میں اُبھر رہا ہے وہ بھرپور اپنی تہذیب وثقافت کے ساتھ پیوستہ ہے۔ میں انہیں اس شعری مجموعے کی اشاعت پر صمیم قلب سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اُمید قوی ہے کہ ادبی حلقوں میں بلاشبہ یہ ''گماں سے آگے'' ہی کا سفر طے کرے۔

ڈاکٹر گلزار احمد وانی

۲۱ر اکتوبر ۲۰۲۳ء

ٹینگہ پونہ پلوامہ کشمیر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اپنی بات

ہر کسی کو اپنے خیالات و احساسات کو بیان کرنے کا حق ہے۔ اب جب کہ جہاں میں ہر فرد کی اپنی اپنی دنیا ہے یہاں کہنے والے سبھی ہیں مگر سُننے والا کہیں ملتا نہیں ہے۔ لہٰذا ایک تخلیق کار کے لیے اگر کوئی ذریعہ اظہار ہے تو وہ اسی کے وسیلے سے اپنی بات رکھتا ہے اور اپنی بھڑاس نکالتا ہے۔ انسان کو جب بھی تنہائی ستاتی ہے تو وہ تنہائیوں سے گھبراتا بھی ہے جب یہی گھبراہٹ حد سے تجاوز کرے تو فرد کو تنہائی اپنا لیتی ہے، اور وہ خود کلامی کا اندازِ گفتگو بھی اپنا لیتا ہے اور تنہائیوں سے رابطہ جوڑ لیتا ہے۔ تنہائیاں تنہا نہیں آتی ہیں۔ اس لیے اس میں سامان زیست بھی ساتھ ہوتا ہے۔ جن سے ایک تخلیق کار کو سرور کار رہتا ہے۔ اور یوں اس کی لگی دل لگی کے فسانے کی دہلیز تک آتے آتے رہ جاتی ہیں۔

میری شاعری میری اپنی ذات کی آواز ہے۔ میں جب اپنے آپ سے ملنے کے لیے کوشاں رہتا ہوں تو شاعری کر لیتا ہوں۔ جب جب بھی کوئی خیال لفظوں کے حسیں پیرہن میں بیاں ہو جاتا ہے۔ تو من ہی من میں شادمانی کی لہریں پھوٹ پڑتی ہیں اور یوں دل کی فضا میں کئی موسم اُڑان بھرنے لگتے ہیں۔ کہیں شادمانی ہے تو کہیں پاس و حرماں گے گھنے سائے بھی گھیراؤ میں لیتے ہیں۔ کچھ بھی ہو شاعری من کا بوجھ ہلکا کراتی ہے اور جب کوئی مشاہدہ یا تجربہ قلم کی نوک سے بزبان حال عیاں و بیاں ہو جاتا ہے تو یہ ایک تخلیق کار کے لیے اور بھی بارآور ثابت

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ہو جاتا ہے۔ میں شعری دنیا کا ایک وہ عجیب باشندہ ہوں، کہ جس کے دائیں بائیں محشر خیال ہے جو مجھے کو بہ کو اپنے پہلو میں رکھ لیتے ہیں۔ جن سے مجھے سدا سروکار رہتا ہے۔ بہر حال میں جو کچھ ہوں، وہ ایک قاری سے ہوں۔ جب آپ میرا ایک بھی شعر پڑھ کر سر دھنو گے تو میری خوش بختی ہوگی کہ میں نے کسی کے خیال کو زبان بخشی ہے۔ میں اپنے تمام کرفرماؤں کو اس موقع پر یاد کرنا چاہوں گا۔ جنہوں نے مجھے ہر وقت اپنے آہنی حوصلے عطا کئے ہیں جن میں جناب ڈاکٹر گلزار احمد وانی کا میں بہت سپاس گزار ہوں جنہوں نے تصنیف کے اول تا آخر اپنا تعاون دیا ہے اور مجموعے کا نام انتخاب کر کے مجھے اور بھی اپنا گرویدہ بنالیا ہے۔ میں جناب غلام حسن طالب صاحب کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے ہمیشہ اپنے تہنیتی کلمات سے نوازا جن سے مجھے آگے جانے کا راستہ صاف نظر آنے لگا۔ میں جناب جلال الدین دلنواز سکریٹری ڈسٹرکٹ کلچرل سوسائٹی پلوامہ کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے ہمیشہ اپنی دعاؤں میں یاد رکھا اور حوصلہ افزائی بھی دی ہے۔ میں محترم جناب کلیم بشیر صاحب کا شکریہ ادا کرنا فرض سمجھتا ہوں جنہوں نے ہمیشہ اپنا دست شفقت سر پر رکھا اور حوصلہ افزائی کی ہے۔ میں اظہار مبشر اور میر پرویز بھی کا شکر گزار ہوں جنہوں نے کتاب کی تکمیلیت تک آتے آتے اپنے تجاوز پیش کئے ہیں۔

شیخ گلزار

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

بے قراری بڑھ رہی ہے ان دنوں
زندگی اِک خواب سی ہے ان دنوں

تم چلو تو میں بھی آجاؤں کبھی
دیکھ، توبہ میں نے کی ہے ان دنوں

ایسے قصّے کل بھی سنتے تھے مگر
بات اب یہ روز کی ہے ان دنوں

تم جو چاہتے ہو 'چلو' بیٹھے رہو
رُت مگر یہ سیر کی ہے ان دنوں

کیا کہوں میں بھی کہ حالت پہ میری
زندگی بھی ہنس رہی ہے ان دنوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں سمجھتا ہوں کہ اب یہ زندگی
اِک عجب آوارگی ہے ان دنوں

اب یہ لگتا ہے کہ اب تیرے بغیر
خامشی ہی خامشی ہے ان دنوں

یوں تو خود مختار ہے پھر بھی بہت
آدمی مجبور بھی ہے ان دنوں

کیا خبر اب کس جگہ لے جائے گی
جو رواں یہ زندگی ہے ان دنوں

میں تو حیراں ہوں کہ چہرے پہ ترے
کس طرح کی سادگی ہے ان دنوں

کس کو کیا معلوم ہے کس بات پر
زندگی خاموش سی ہے ان دنوں

میں تو تنہا تھا مگر گلزارؔ اب
دل بھی ہے دلدار بھی ہے ان دنوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

لوگ کیا کیا نہیں سمجھتے ہیں
میں کہیں ہوں کہیں سمجھتے ہیں

مجھ کو حیرت سے دیکھنے والے
مجھ کو شاید نہیں سمجھتے ہیں

تم کہیں ہو تو لوگ مجھ کو بھی
دوست میرے، وہیں سمجھتے ہیں

اب جہاں خار تک نہیں اُگتے
ہم اُسی کو زمیں سمجھتے ہیں

وہ تو نظروں سے دور ہے لیکن
ہم اُسے دلنشیں سمجھتے ہیں

کوئی کتنا بھی ہو مگر گلزارؔ
ہم اُسی کو حسیں سمجھتے ہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا کہوں اُس نے کیا کہا مجھ سے
جس گھڑی وہ جدا ہوا مجھ سے

آج کل وہ بھی ہے خفا مجھ سے
جو کہ دل کے قریب تھا، مجھ سے

اے خدا! ایسی گھما گھی میں
چھن نہ جائے میری ردا مجھ سے

یوں تو میرے قریب تھا لیکن
کھنچ کے وہ بزم میں رہا مجھ سے

میں نے مانا کہ بے وفا ہوں میں
تم نے بھی کیا بھلا کیا مجھ سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تاج جیسا نہ بن سکا لیکن
ایک کوٹھا تو بن گیا مجھ سے

میں بھی کیا ہوں کہ کھیل اُلفت کا
آج آخر بگڑ گیا مجھ سے

میں تو حیران ہوں کہ تم نے بھی
پھر کنارہ تو کرلیا مجھ سے

کیا خبر ہے کہ کس لئے گلزارؔ
ہر کوئی شخص ہے خفا مجھ سے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کون یہاں پر اپنا ہے
جس کو دیکھو تنہا ہے

تم نے میرے بارے میں
آخر یہ کیا سوچا ہے

کس کا دل میری مانند
قدم قدم پر ~~دُکھا~~ دُکھتا ہے

شب کی اس تاریکی میں
کون یہ تنہا پھرتا ہے

دل میں سوزش ہے لیکن
آنکھوں میں اِک دریا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

شکر کرو اس بستی میں
کوئی تو مجھ جیسا ہے

مجھ کو ہے معلوم کہاں
کیوں وہ طعنے کستا ہے

کوئی میرے گھر پر بھی
بہت دنوں سے ٹھہرا ہے

کل کی باتوں پر گلزار
اب بھی تو پچھتاوا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

دل کسی کام کا رہا ہی نہیں
تم سمجھتے ہو کچھ ہوا ہی نہیں

میری جانب یوں دیکھنے والو
کیا تیرے ساتھ کچھ ہوا ہی نہیں

میں سمجھتا ہوں اب میری خاطر
تیرے دل میں کوئی دیا ہی نہیں

مجھ کو تنہا یوں چھوڑنے والو
تم سمجھتے ہو کچھ کیا ہی نہیں

میرے گھر سے وہ چل دیا لیکن
میرے دل سے ابھی گیا ہی نہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

آج یوں مجھ سے بات کرتے ہو
جیسے کل تم نے کچھ کہا ہی نہیں

یوں تو سب کچھ سُنا دیا لیکن
دھیاں اُس نے مجھے دیا ہی نہیں

سچ تو یہ ہے کہ میری قسمت میں
تم نے اچھا تو کچھ لکھا ہی نہیں

کیا کہوں میں کہ کس لئے گلزارؔ
آج مجھ سے کوئی ملا ہی نہیں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا ضروری تھا آپ کا جانا
ہو سکے 'خیر' لوٹ کر آنا

تم کو جانا ہے جائیے لیکن
مجھ سے اے دوست! پوچھ کر جانا

تم کہیں بھی رہو میری خاطر
شام کو ہی سہی چلے آنا

تم جو کل گھر پہ بھول آئے ہو
وہ سبھی خواب ساتھ لے آنا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اے میرے دوست میری خواہش پر
غور سے غور تم بھی فرمانا

وہ تو تابع ہے پر کہوں کیسے
دل ہے ناداں کہ جو نہیں مانا

میں نے چاہا تو تھا مگر گلزارؔ
دل یہ بولا کہ 'دیکھ' مت جانا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تمہیں چاہیں گے ہم لیکن کہاں تک
یہاں مٹتے ہیں زخموں کے نشاں تک

کبھی تنکے بھی بجھ جاتے ہیں لیکن
کبھی جلتی ہیں پل میں بستیاں تک

کہیں بھی ہو میں تم تک پہنچ جاؤں
چھپو گے مجھ سے آخر تم کہاں تک

عجب ہیں عشق کی راہیں کہ ان میں
چلو گے تم کہاں سے اور کہاں تک

یہ دنیا ہے یہاں صحرا کی مانند
نہیں ملتے ہیں پیروں کے نشاں تک

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں تیرا ہوں تم میرے ہو ولیکن
ہمارا واسطہ ہے دوستاں تک

یہ دل کیا چیز ہے چاہو تو دیکھو
میں تیرے نام کردوں اپنی جاں تک

بہت نادان ہو تم بھی کہ تم نے
یوں سستے مول بیچا ہے مکاں تک

عجب دستور ہے دنیا کا گلزارؔ
بکھرتے ہیں یہاں پر آشیاں تک

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا کہیں گے کہ کون اپنا ہے
زندگی خود بھی ایک سپنا ہے

زندگی اور اتنے وقفے میں
ہے تو مشکل مگر پرکھنا ہے

ہے بہت ہی حسیں مگر اک دن
یار! اس گھر سے بھی نکلنا ہے

تم چلو گے تو جان جاؤ گے
فاصلہ زندگی کا کتنا ہے

وقت پر تجھ کو مل ہی جائے گا
تیرے حصے میں جو بھی جتنا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تیرے ساگر ہیں بے کراں لیکن
پھر بھی صحراؤں کو ترسنا ہے

جب مجھے تم بھی چھوڑ جاؤ گے
یاد رکھنا تمہیں پلٹنا ہے

مجھ سے تیرا یہ روٹھ کر جانا
یہ شرارت نہیں ہے بچپنا ہے

زندگی تو بچھڑ گئی لیکن
کیا مجھے بھی یوں ہی بھٹکنا ہے

ایک تم ہی تھے جس کو دنیا میں
میں سمجھتا تھا کوئی اپنا ہے

اک احاطے کو گھیرنے والے
آخرش تم کو بھی سمٹنا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کوئی کتنا بھی خوش رہے لیکن
دل کو ہر حال میں دھڑکنا ہے

جانتا ہوں کہ تیری محفل میں
شام کو دیر تک بہکنا ہے

چاہے کتنا بھی رنج سہے گلزارؔ
آدمی کو تو پھر بھی ہنسنا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا کسی سے کرے گلہ کوئی
شکر ہے مجھ سے تو ملا کوئی

تو نہیں ہے تو تیری اُلفت میں
گم مگر روز و شب رہا کوئی

ایسا لگتا ہے جیسے بستی سے
آج رخصت کہیں ہوا کوئی

حال یہ ہے کہ میری حالت پر
آج تک کچھ نہ کہہ سکا کوئی

دیکھتا ہوں کہ میری بستی میں
کیا کہیں پر ہے آپ سا کوئی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

آپ کے بعد آپ کی مانند
میرا اپنا نہ ہوسکا کوئی

یوں تو سب کچھ ہے عارضی لیکن
میرے دکھ کی ہے انتہا کوئی

یہ کہاں مجھ کو لے کے آئے ہو
دل یہاں ہے نہ دلرُبا کوئی

میں اکیلا تو ہوں مگر پھر بھی
مجھ سے ملتا ہے جابجا کوئی

ہاں یہ دکھ ہے کہ تیری محفل میں
میری جانب بھی دیکھتا کوئی

تم کہیں بھی چلو تمہیں گلزار
مل ہی جائے گا راستہ کوئی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

میں بھلا تم سے اور کیا چاہوں
ہاں، مگر تم کو دیکھنا چاہوں

تم میرے ہو تو اس لیے تم سے
عمر بھر کا میں آسرا چاہوں

مجھ کو کچھ بھی نہ چاہیے پھر بھی
تم جو چاہو، تو میں وفا چاہوں

تم جو کہتے ہو ٹھیک ہے لیکن
کیا میں اُس بت کو پوجنا چاہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کیا خبر ہے کہ کس لیے خود بھی
ہاتھ تم سے میں کھینچنا چاہوں

اے میرے دوست! میری قسمت میں
جب یہی ہے تو پھر میں کیا چاہوں

دوست کتنے بھی ہوں مگر گلزارؔ
پھر بھی میں ساتھ آپ کا چاہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

خوشی کی بات ہے وہ مجھ کو دیکھنا چاہے
پھر اس کے بعد وہ مجھ سے اور کیا چاہے

خدا کا شکر ہے مجھ کو بھی میرے گاؤں میں
بڑے ہی شوق سے ہر ایک دیکھنا چاہے

وہ دل ہی کیا ہے جو کہ تیری اُلفت میں
بہت قریب سے تجھ کو نہ دیکھنا چاہے

میں اُس پہ جان بھی دے دوں اگر وہ
وفا کی راہ میں مجھ کو ذرا ذرا چاہے

یہ کیسا عشق ہے کیسی ہے عاشقی گلزارؔ
کہ اس میں آدمی خود کو بھی بھولنا چاہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہو کس بات پہ مجھ سے خفا ہو
یہ میں نے کب کہا تم بے وفا ہو

کوئی ہو کچھ بھی ہو تیری طرح ہو
ضروری ہے نہیں تم سے بھلا ہو

تیری ہر بات سے میں متفق ہوں
تو پھر کس بات پہ تم سے گلہ ہو

میں تم سے کچھ نہیں چاہوں گا لیکن
میرے اس سر پہ اِک چھت ہو، قبا ہو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اگر دل میں تم ہی تم ہو تو میری
نظر سے دور جب تم ہو تو کیا ہو

میں خود بھی جانتا ہوں میری خاطر
بہت کچھ اُس نے گھر میں تو رکھا ہو

مجھے لگتا نہیں ہے وہ بھی گلزار
زمانے کی طرح مجھ سے خفا ہو

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

خود کو بھی اب گنوا دیا میں نے
اس قدر تم سے کی وفا میں نے

بے وفا ہے تو کیا ہوا پھر بھی
دل میں اُس کو بٹھا دیا میں نے

تم بھی میری طرح تو ہو لیکن
تیرا رتبہ بڑھا دیا میں نے

زندگی تو بتا تیری خاطر
کیا نہ کچھ آج تک کیا میں نے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

آج کیا سوچ کر تیری خاطر
دل کو پھر سے تباہ کیا میں نے

جانے کیا سوچ کر کہا ہوگا
زندگی کو بُرا بھلا میں نے

مجھ کو یوں راہ میں چھوڑنے والو
کیا بُرا یہ بتا کیا میں نے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

چلو میرے لئے اتنا بہت ہے
وفا کا دل مگر بھوکا بہت ہے

میں تیرے واسطے کچھ بھی نہیں ہوں
مگر یہ دل میرا اچھا بہت ہے

میں تیرے ذہن سے اُترا ہوں لیکن
وفا میں تُو بھی تو بہکا بہت ہے

کہوں کیا میں کہ میں نے تیری خاطر
تیرے دشمن کو بھی چاہا بہت ہے

میں کیسے بھول جاؤں گا کہ میں نے
تجھے اے زندگی چاہا بہت ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مجھے اب کون چاہے گا کہ میرے
سیاہ بالوں کا رنگ پھیکا بہت ہے

برس جاتا مگر کیا ہے کہ خود بھی
فلک، صحرا سے بھی پیاسا بہت ہے

کروں کیا میں کہاں جاؤں کہ میرے
جہاں میں، دیکھ سناٹا بہت ہے

کہوں کیا تیرے بارے میں کہ گلزارؔ
یہ اپنا دل بھی تو تڑپا بہت ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اس طرح وہ جدا ہوا مجھ سے
جیسے برسوں سے تھا خفا مجھ سے

یوں وہ سب سے حسین ہے لیکن
کب مُتاثر نہ وہ ہوا مجھ سے

اک سہارا تھا آپ کا وہ بھی
کن بہانوں سے چھن گیا مجھ سے

کیا قیامت کہ میرے گھر میں بھی
وہ کھچا ہی کھچا رہا مجھ سے

کیا کہوں میں کہ کس لئے آخر
اس طرح وہ گلے لگا مجھ سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم نے شاید غلط سنا ہوگا
ورنہ وہ آج ہی ملا مجھ سے

اے دعا! یہ ذرا بتا مجھ سے
کیا خفا ہے میرا خدا مجھ سے

تم جو کہتے ہو ٹھیک ہے لیکن
واسطہ کیا ہے آپ کا مجھ سے

مجھ کو معلوم ہے کہ اُلفت میں
کس لئے وہ خفا رہا مجھ سے

کیا کہوں میں کہ کس لئے گلزارؔ
ایک مدت سے ہے خفا مجھ سے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

ایک دن خود ہی جان جاؤ گے
کس طرح مجھ کو بھول پاؤ گے

تم کہیں بھی رہو مگر اِک دن
ٹوٹ کر گھر کو لوٹ آؤ گے

چھوڑ کر مجھ کو اس طرح تنہا
تم بھی کس منہ سے لوٹ جاؤ گے

شعر دن بھر یوں ہی کہو لیکن
کام گھر کا بھی کیا نبھاؤ گے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کیا قیامت کہ ایک دن تم بھی
مجھ کو جی بھر کے آزماؤ گے

کیا خبر تھی کہ اس طرح میری
بات تم بھی سمجھ نہ پاؤ گے

پہلے خود کو بھی جانیئے گلزارؔ
تب ہی اوروں کو جان پاؤ گے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

گزرتی زندگی سے کیا کہو گے
مگر تم بھی بھلا کیا کر سکو گے

میں اپنے آپ سے خوش ہوں ولیکن
تم تنہا اس طرح کب تک چلو گے

تم جاؤ گے چلو جاؤ ولیکن
میری تنہائیوں سے کیا کہو گے

جہاں کا کیا میں تم سے پوچھتا ہوں
میں تنہا ہوں میرا کیا ساتھ دو گے

مجھے اس بات کا ڈر ہے کہ اِک دن
تم اپنا ہاتھ مجھ سے کھینچ لو گے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہو تم ہی کہ ایسے شور و غل میں
کہوں میں کیا اور تم کیا سنو گے

کہاں معلوم تھا یوں میری خاطر
تم اپنے آپ کو بھی چھوڑ دو گے

کچھ ایسا میں نے بھی سوچا تھا لیکن
زمانے سے الگ کب تک رہو گے

میں اس اُمید پہ زندہ ہوں گلزارؔ
کہ تم اِک دن مجھے آ کر ملو گے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جیسا بھی ہے اچھا ہے
آخر وہ بھی اپنا ہے

جانے دو اس بستی میں
کوئی تو مجھ جیسا ہے

مجھ کو ہے معلوم کہاں
دنیا بھی اک دھوکا ہے

تیری سنگت ہو کر بھی
دل یہ اپنا تنہا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جانے کس کے کہنے پر
مجھ کو یوں اپناتا ہے

میرے گھر پر آنے سے
تم کو کس نے روکا ہے

آخر تم نے بھی گلزارؔ
مجھ کو اپنا سمجھا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا خبر کب وہ لوٹ کر آئیں
بہت بے صبر ہیں میری نگاہیں

کوئی کمرہ چلو گھر کا سجائیں
نہیں تو اُس کو ہم کیسے بُلائیں

ملی ہیں مجھ کو یہ کیسی سزائیں
کیا اتنی سخت تھیں میری خطائیں

غنیمت ہے جو اُس کو دیکھ آئیں
خبر کیا پھر وہاں جائیں نہ جائیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں خود حیران ہوں کیسے وہ آئیں
کہ جب تک ہم نہیں اُن کو بُلائیں

اگر بے چین ہے وہ میری خاطر
بہت بے تاب ہیں میری بھی بانہیں

پکارے جا رہا ہوں میں بھی گلزار
مگر دھیمی ہیں اب میری صدائیں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

میں خفا، وہ بھی تم سے ہو جاؤں
خود ہی خود سے میں روٹھنا چاہوں

دیکھنے میں وہ تیز ہے لیکن
اُس کے بارے میں کیا میں فرماؤں

میں تو حیران ہوں کہ کس کس کو
ایک اِک کر کے بات سمجھاؤں

وہ کہاں ہے مجھے نہیں معلوم
پھر بھی میں اُس کو ڈھونڈنے جاؤں

میں کہیں بھی رہوں میری خاطر
کیا کڑی دھوپ اور کیا چھاؤں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ہے تو مشکل مگر یہ ممکن ہے
آج ہی جا کے اُسکو سمجھاؤں

جب وہ آئیں تو اُن کی آمد پر
ساتھ دل کے میں جھومنے جاؤں

اے خدا! تو ہی مجھ کو سمجھا دے
ورنہ خود کو میں کیسے سمجھاؤں

اب اجازت تو دیجئے گلزارؔ
ورنہ پھر میں نکل نہیں پاؤں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم کو تو ہر طرح سے مگر جانتا ہوں میں
مارا ہے مجھ پہ کس نے پتھر جانتا ہوں میں

اس شہر کے کس موڑ پہ کس کا مکان ہے
ہے کس جگہ پہ آپ کا گھر جانتا ہوں میں

محفل میں میرے ساتھ کتنے ہی لوگ تھے
کس پہ دھری تھی تیری نظر جانتا ہوں میں

کس کس کو اس طوفان میں آواز دے سکوں
ورنہ ہیں کس جگہ پہ بھنور جانتا ہوں میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

رستہ ہی کچھ خراب تھا ورنہ میرے عزیز
کتنا حسیں تھا وہ سفر جانتا ہوں میں

تم کو تو خبر ہے نہیں پر میری نظر میں
ہوگا وہ اس گھڑی بھی کدھر جانتا ہوں میں

گلزارؔ اس مقام سے آگے مقام ہیں
کس کا مقام پر ہے کدھر جانتا ہوں میں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا کیا میرے حبیب سے مجھے دیکھنا پڑا
راتوں کو تیرے واسطے یوں جاگنا پڑا

میں بدنصیب ہوں کہ مجھے چاند کی طرح
تیری گلی میں پہنچ کے بھی لوٹنا پڑا

دیکھو اس تیری بزم میں کتنے عُشاق ہیں
ہم کو ہی اپنے آپ کو بس جانچنا پڑا

آنا تھا مجھ کو بھی مگر تیرے شہر کے لوگ
کیا سوچ لیں گے یہ تو مجھے سوچنا پڑا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں کیا کہوں کہ مجھ کو تمہارے خیال میں
پہلے تو اپنے آپ کو بھی بھولنا پڑا

اتنی خموشیاں تھیں، مجھے اپنے آپ سے
ناصح کی طرح روز و شب کچھ بولنا پڑا

گلزار کس خیال میں گُم ہو کہ اس قدر
تم کو نئے سرے سے مجھے جاننا پڑا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہ تو اس بات سے واقف نہیں ہے
یہ دنیا اصل میں کتنی حسین ہے

کہوں کیا اپنے بارے میں کہ خود میں
کہیں پر ہوں تو میرا دل کہیں ہے

تم کہتے ہو مجھے تم جانتے ہو
مگر میں نے تمہیں دیکھا نہیں ہے

بہت ہی دور ہے وہ مجھ سے لیکن
مجھے لگتا ہے وہ اب بھی یہیں ہے

تم کہتے ہو کہ وہ آئے گا لیکن
کہیں پر شب کو وہ رکتا نہیں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جہاں میں ہوں جہاں والو وہاں کی
زمیں جو ہے فرشتوں کی زمیں ہے

اگر وہ دور ہے مجھ سے مگر وہ
بدن سے بھی میرے دل کے قریں ہے

میرے اللہ! تیرے ہوتے ہوئے بھی
میری قسمت میں کچھ اچھا نہیں ہے

کہ تم جس شہر میں رہتے ہو گلزارؔ
وہاں تیری طرح ہر اِک حسیں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

بہت دشوار ہے جینا یہاں اب
مجھے معلوم ہے کیا ہوں کہاں اب

کہاں فرصت ہے اب کس کو جو دیکھے
ہے کتنا خوبصورت آسماں اب

ادب سے پیش آجاؤ کہ دیکھو
ہوں اوروں کی طرح میں بھی جواں اب

نظر مجھ سے ملاؤ گے تو میں بھی
سمجھ جاؤں تم میرے ہو میاں اب

بہت پہلے میں آوارہ تھا لیکن
شہر میں ہے میرا اپنا مکاں اب

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہاں جاؤں کہ میری رہ گزر میں
ہے چاروں اور یہ دیکھو دھواں اب

حواس وہوش میں تھا میں بھی لیکن
بھٹکتا ہے کہیں میرا یہ دھیاں اب

گُماں سے بھی حسیں تو تھا و لیکن
اُجڑتا جا رہا ہے یہ جہاں اب

کہوں کیا حال میں اپنا کہ گلزارؔ
عجب اُلجھن میں ہے یہ جسم و جاں اب

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کب کیا میں نے چاہا ہے
جب سے تم کو دیکھا ہے

اس دنیا سے دور کہیں
میری اپنی دنیا ہے

مجھ کو کیا سمجھاؤ گے
تم نے خود کو سمجھا ہے

آؤ ہم بھی کھیلیں گے
دنیا کھیل تماشا ہے

شاید اس سے پہلے بھی
میں نے تم کو دیکھا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مجھ کو ہے معلوم کہاں
کون کہاں پر تنہا ہے

کچھ تو میری بھی سُن لے
گر تُو میرا اللہ ہے

کیوں نہ خود سے واقف ہوں
میں نے خود کو دیکھا ہے

دیکھو میں نے بھی گلزار
کس پتھر کو پوجا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تجھے کیا علم ہے میری وفا کا
میرا دل تو نہیں ہے تیرا جیسا

میں یہ بھی جانتا ہوں تیری خاطر
وفا کے دشمنوں نے بھی کیا کیا

میں ناداں ہوں کہ تیرے واسطے میں
پھروں کب تک زمانے میں یوں تنہا

میں آپاؤں نہ پاؤں میری خاطر
کبھی اے دوست میرے، میرے گھر آ

بہت مہنگا پڑا ہے مجھ کو گلزار
وہ سودا جو کیا تھا زندگی کا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا کہوں کیا خطا ہوئی مجھ سے
زندگی بھی خفا ہوئی مجھ سے

تم نہ چاہو تو کیا کروں میری
ایک دنیا جدا ہوئی مجھ سے

میں سزاوار ہوں مگر اے دوست
جانے کیسی خطا ہوئی مجھ سے

شکر ہے آج بعد مدت کے
پھر رفو یہ قبا ہوئی مجھ سے

دور جا کر بھی لوٹ کر آئی
آج کیسی دعا ہوئی مجھ سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اک شرافت تو تھی مگر وہ بھی
بِن کہے کچھ وِداع ہوئی مجھ سے

اے وفا یہ بتا تیری خاطر
کب کہاں پر خطا ہوئی مجھ سے

مجھ پہ الزام ہے مگر گلزارؔ
کیا خطا یہ بتا ہوئی مجھ سے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جب کسی سے وفا نبھاؤ گے
یار خود کو بھی بھول جاؤ گے

زندگی کے اس گھُپ اندھیرے میں
اور کیا بول تم جلاؤ گے

کس کو انکار ہے مگر کس دن
کیا خبر لوٹ کر تم آؤ گے

کیا مزا ہے کہ جب بتا تم بھی
اس گھڑی مجھ سے روٹھ جاؤ گے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ کہانی تو راز ہے لیکن
جانے کس کس کو تم سناؤں گے

ہم تو اِک دوسرے سے واقف ہیں
پھر بھی تم مجھ کو آزماؤ گے

لوگ کہتے تو ہیں مگر گلزار
تم بھی کیا مجھ کو چھوڑ جاؤ گے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اب یہاں کون مجھ کو چاہے گا
میرے اس دل کو پھر بسائے گا

جو بھی اس میرے گھر میں آئے گا
پھر پلٹ کر کہیں نہ جائے گا

کیا خبر تھی کہ اس طرح تو بھی
اے خدا! مجھ کو آزمائے گا

اس طرح مجھ کو چاہنے والے
ایک دن تو بھی روٹھ جائے گا

آپ کے بعد میری اُلفت کو
یہ جہاں بھی سما نہ پائے گا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم کو جانا ہے جائیے لیکن
دل ہے نازک کہ ٹوٹ جائے گا

دیکھتا ہوں کہ کس طرح وہ بھی
میری اُلفت کو بھول جائے گا

اُس کا کیا ہے کہ جو کہیں پر بھی
دن تو کیا رات بھی بِتائے گا

منتظر میں بھی ہوں مگر گلزارؔ
کیا خبر کس گھڑی وہ آئے گا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تجھے بس پوجنا میں چاہتا ہوں
ذرا سوچو کہ کیا میں چاہتا ہوں

یوں میرے پاس سب کچھ ہے ولیکن
خبر کیا پھر یہ کیا میں چاہتا ہوں

کوئی بھی کام ہو کرنے سے پہلے
تجھے بس دیکھنا میں چاہتا ہوں

کسی کے گھر کی چھت اُڑنے سے پہلے
ہوا کو روکنا میں چاہتا ہوں

کوئی گر عمر بھر کا ساتھ بھی دے
سہارا آپ کا میں چاہتا ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہوں کیا ہر کسی رنج و الم کی
خدا سے انتہا میں چاہتا ہوں

یوں تم سے کچھ نہیں چاہا تھا لیکن
پھر تم سے آج کیا میں چاہتا ہوں

کبھی جو ٹوٹ کر گرنے نہ پائے
ستوں اس طرح کا میں چاہتا ہوں

کوئی تو ہے کہ جس کے ساتھ گلزار
ہمیشہ کھیلنا میں چاہتا ہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

سناتا میں مگر میں کیا سناؤں
ہے اپنا حال کیا میں کیا بتاؤں

میں شاید ہی تیری اس سادگی کو
میری جاں! زندگی بھر بھول جاؤں

میں حیراں ہوں کہ اب تیرے جہاں میں
کسی سے بھی نہیں میں آشنا ہوں

نہیں تم ہو تو کس کے واسطے میں
محل جیسا مکاں کوئی بناؤں

تیرے آگے تو میں کچھ بھی نہیں ہوں
چلو پھر بھی میں خود کو آزماؤں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہی سمجھو کہ میں خود سے بھی زیادہ
تجھے چاہوں اگر کچھ بھی میں چاہوں

یہی کچھ سوچ کر نکلا تھا میں بھی
کہ گھر کو ایک دن میں لوٹ آؤں

میں تیرے عشق میں خود کو گنوا کر
کہو تو جان بھی اپنی لٹاؤں

تم یہ کس بات پر حیران ہو، میرے
ہیں دل میں داغ اتنے گن نہ پاؤں

تم آؤ گے تو سمجھو تیری رہ میں
میں پھولوں کی جگہ آنکھیں بچھاؤں

میری اوقات ہی کیا ہے جو گلزارؔ
زمانے میں کسی سے دل لگاؤں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

گل کھلا ہے کہاں نہیں معلوم
پھر یہ کیسا گماں نہیں معلوم

کیا کہوں میں کہ میری دنیا کا
ہے کہیں آسماں نہیں معلوم

یوں تو خود سے میں خوب واقف ہوں
دل ہے پھر بھی کہاں نہیں معلوم

میں تو حیران ہوں کس سے پوچھوں
چُپ ہیں کیوں سب یہاں نہیں معلوم

آگ کب کی تو بُجھ گئی لیکن
ہے یہ کیسا دھواں نہیں معلوم

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ویسے ہر اِک سے روز ملتا ہوں
ہے کس سے دوستاں نہیں معلوم

کب سے مشکل میں ہوں مگر تم کو
کیا میرے مہرباں نہیں معلوم

کیا قیامت کہ اپنے محلے میں
گھر ہے کس کا کہاں نہیں معلوم

میری ہمسائیگی میں رہ کر بھی
تم کو میرا مکاں نہیں معلوم

ہم وہ پنچھی جنہیں، قیامت ہے
اپنا ہی آشیاں نہیں معلوم

کیا کہوں میں کہ کس لئے گلزارؔ
رک گیا تھا وہاں نہیں معلوم

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

بہت پچھتاؤ گے مجھ کو گنوا کر
وفا کر مجھ سے جی بھر کر وفا کر

کہاں جاؤ گے کس کے در پر جا کر
یوں ہی بیٹھے رہو گے سر جھکا کر

تجھے تو صبر آتا ہے مگر میں
بہت بے صبر ہوں دل کو لگا کر

یہ دنیا ہے یہاں کی ٹھوکروں سے
کہاں جاؤ گے تم خود کو بچا کر

مجھے معلوم ہے سب کچھ تو پھر بھی
ذرا سی بات ہو مجھ سے کہا کر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ اپنا جسم بھی بھاری ہے پھر بھی
غموں کا بوجھ بھی خود ہی اُٹھا کر

تم اُس کے بارے میں کیا جانتے ہو
کبھی دیکھو اُسے نزدیک لا کر

کہاں تک مجھ کو سمجھاؤ گے میرے
جو دل کا حال ہے پہلے پڑھا کر

مجھے معلوم ہے کیا مجھ کو گلزارؔ
کہاں پر پھینک دیں وہ پھر اُٹھا کر

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

میں کہاں ہوں یہ بے بسی کیسی
کیا کہوں زندگی رہی کیسی

پھول جیسے تو تھے مگر اب کے
ایسے چہروں پہ ہے ہنسی کیسی

یوں وفائیں تو سب نے کی لیکن
تو نے مجھ سے وفا یہ کی کیسی

سچ بتا تم کو بزم دنیا سے
میرے گھر کی ہوا لگی کیسی

جب مسرت سے دل ہی خالی ہو
پھر کسی سے یہ دل لگی کیسی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

زیست جب خود ہی اپنی دشمن ہو
پھر تو خود سے یہ دوستی کیسی

لوگ اِک دوسرے کو چاہتے ہیں
پھر تو ہر سُو یہ دشمنی کیسی

کس کے حصّے میں کیا لکھا لیکن
زندگی مجھ کو بخش دی کیسی

دل ہی جب غم سے بجھ گیا گلزارؔ
پھر کسی شئے میں دلکشی کیسی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جب اوروں کو دیکھو گے
خود کو بھی تم بھولو گے

جن کو اپنا ہوش نہیں
اُن سے کیا تم پوچھو گے

غیروں کی اس بستی میں
کس کو اپنا سمجھو گے

اِک دن اوروں کی مانند
تم بھی رستہ ناپو گے

تم تو خود بھی حیراں ہو
میرا دکھ کیا سمجھو گے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کب یہ میں نے سوچا تھا
تم دھوکے میں رکھ لو گے

دنیا کی اس محفل میں
کس کو کتنا چاہو گے

کس کو تھا معلوم کہاں
تم رستے میں چھوڑو گے

مجھ کو ہے تسلیم مگر
کیا تم میری مانو گے

اوروں کا دکھ سہہ کر بھی
اپنا دکھ کیا سہہ لو گے

میں بھی بے بس ہوں گلزارؔ
تم بھی مجھ کو کیا دو گے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہو، لیکن تمہارا نام ہے کیا
کیا تم پر بھی کوئی الزام ہے کیا

تم یہ کیا سوچتے رہتے ہو گلزار
تمہارے سر کوئی الزام ہے کیا

میں اپنے شہر میں ڈرتا ہوں لیکن
تیرے گاؤں میں میرا نام ہے کیا

وفا اِک ایسی دنیا ہے کہ جس میں
نہیں جب فجر ہے پھر شام ہے کیا

تم آئے ہو مگر یہ تو بتا دو
میری دنیا میں تیرا کام ہے کیا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میرے اللہ! میں تم سے پوچھتا ہوں
میری اس زیست کا انجام ہے کیا

کہوں کیا میں یہاں پر میری مانند
میرے اللہ! کوئی بدنام ہے کیا

میں پیتا تو نہیں ہوں پھر بھی پوچھوں
میرے حصے میں کوئی جام ہے کیا

کہاں کس سمت میں جاؤں کہ گلزارؔ
کہیں پر میرے فن کا دام ہے کیا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یہ بتا تم سے کیا کہا کس نے
اور ناحق رلا دیا کس نے

میں تو نادان ہوں چلو، لیکن
تیرا رتبہ بڑھا دیا کس نے

یہ تو سچ ہے تجھے نہیں آتا
آج لیکن یہ خط لکھا کس نے

کیا کہوں میں کہ اس اندھیرے میں
گھر کو روشن یہ کر دیا کِس نے

میں تو حیران ہوں میرے گھر کا
دوست! تم کو پتہ دیا کس نے

زندگی تو بتا تیری خاطر
عمر بھر جاگنا سہا کس نے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

صبح کی طرح یہ بھی روشن تھا
دل یہ لیکن بجھا دیا کس نے

لوگ خاموش تھے تو پھر تم سے
میرے بارے میں یہ کہا کس نے

کس کو معلوم ہے کس سے پوچھیں
گھر یہ کس کا جلا دیا کس نے

میں تو ایسا نہ تھا مگر برباد
کیا کہوں مجھ کو کر دیا کس نے

میں کہیں اور جا کے ٹھہرا تھا
گھر یہ میرا سجا لیا کس نے

اس فضا میں بھی واسطے میرے
کیا کہوں روک دی ہوا کس نے

کیا کہوں میں کہ تیری محفل میں
یوں گلے سے لگا لیا کس نے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم سے سب نے تو کی وفا لیکن
مجھ سے اے دوست! کی وفا کس نے

آدمی کو سزائیں ملتی ہیں
اصل میں کی مگر خطا کس نے

کیا کہوں میں کہ تیری محفل میں
پاس مجھ کو بٹھا دیا کس نے

میں تو یوں روز ہنستا پھرتا ہوں
آج لیکن رلا دیا کس نے

تم ہو ظالم کہ آج تک تم سے
زندگی! سامنا کیا کس نے

تم کو معلوم کیا مجھے گلزارؔ
خود سے بیگانہ کردیا کس نے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

گنوایا خود کو بھی میں نے وفا میں
کہ یہ کیا ہے کہ اپنوں سے لُٹا میں

کسی نے مجھ کو بھی دیکھا تو ہوگا
نہیں یوں ہی یہاں بیٹھے رہا میں

گئے تو ہو مگر خواہش ہے پھر بھی
تمہیں اے دوست! چھو کر دیکھتا میں

بہت ہی خوبصورت ہے وہ لیکن
زمانے کی نگاہ کو بھا گیا ہے

میں خود حیران ہوں خود پہ کہ خود بھی
میں کیا تھا اور کیا سے کیا ہوا میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

بتا تو ہی کہ ایسے شور و شر میں
کس سے کیا پوچھتا، کیا بولتا میں

میری جانب بھی دیکھو گے تو میں بھی
سمجھ جاؤں کہ ہوں سب سے بھلا میں

میں یہ بھی جانتا ہوں تیرے آگے
میں اپنا ہوں نہ اب ہوں آپ کا میں

لُٹا ہوں کس جگہ کس سے کہ گلزار
یہاں ہر شخص سے ہوں آشنا میں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کس سے کیا بولنا ہے جانتا ہوں
تجھے معلوم ہے کیا میں بھی کیا ہوں

تم کہتے ہو چلو تیرے کہے پر
میں ہر شئے کی تمنا چھوڑتا ہوں

جہاں والے مجھے آزار دیں گے
بِنا تیرے میں کس کو جانتا ہوں

نکلتا میں بھی ہوں پر واپسی پر
پتا گھر کا ہر اِک سے پوچھتا ہوں

میں اپنا ہوں مگر خود سے بھی زیادہ
کسی کا ہوں اگر، تو آپ کا ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

بہت مضبوط ہوں باہر سے لیکن
میں اندر سے بہت ٹوٹا ہوا ہوں

ہوا کیا ہے مجھے، پتھر کی مانند
نہ ہنستا ہوں نہ میں کچھ بولتا ہوں

تم آؤ گے نہیں یہ جان کر بھی
میں چاروں اور دن بھر دیکھتا ہوں

میری اوقات ہی کیا ہے کہ گلزارؔ
میں خود کو تم سے زیادہ جانتا ہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

میں کن حالات میں ہوں کیا بتاؤں
مجھے معلوم ہے کیا، دھوپ چھاؤں

میں پاگل ہوں مگر اتنا نہیں ہوں
کہ میں تیرے لئے سب کچھ لٹاؤں

کوئی تو بات تک سنتا نہیں ہے
کسی کو داستاں میں کیا سناؤں

تیرے آگے تو میں کچھ بھی نہیں ہوں
نظر تم سے بھلا میں کیا ملاؤں

تجھے معلوم ہے کیا تیری خاطر
یہ دل کیا چیز ہے جاں بھی لٹاؤں

جلا بیٹھا ہوں میں خود کو بھی گلزار
ہے دل کا حال کیا میں کیا بتاؤں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم کو کب تک میں دیکھنا چاہوں
اِک تصّور کو پوجنا چاہوں

میں تو نادان ہوں کہ میں اب بھی
روز و شب تم کو سوچنا چاہوں

کیا نہ کچھ میرے دل میں ہے لیکن
اب میں کس کو یہ بانٹنا چاہوں

لوگ کہتے تو ہیں مگر تم کو
آج کس دل سے بھُولنا چاہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم سے کب کا میں ہار بیٹھا ہوں
پھر بھی تم سے میں کھیلنا چاہوں

مجھ کو تو روٹھنے کی عادت ہے
آج میں کس سے روٹھنا چاہوں

اب یہ کیا بات ہے کہ اب گلزارؔ
خود ہی خود سے میں روٹھنا چاہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

میں بھی ہوں مجبور بہت
اور تم بھی ہو دور بہت

مانا میں بدنام سہی
تم بھی ہو مشہور بہت

میں آنے سے قاصر ہوں
تم بھی ہو مغرور بہت

کیا ان سب کوہساروں سے
بھی اونچا ہے طور بہت

آج ہماری چھت پر بھی
بیٹھے ہیں طیور بہت

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تیرے، اوروں کی نسبت
چہرے پر ہے نور بہت

یہ تو اپنی قسمت ہے
ورنہ ہیں تیمور بہت

میں کیا میری بستی میں
لوگ ہیں سب مجبور بہت

پھر بھی تم کو ہے گلزارؔ
میری ضد منظور بہت

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم نہیں ہو تو زندگی کیا ہے
دل نہ خوش ہو تو پھر ہنسی کیا ہے

میرے بارے میں اے عدد میرے
یہ بتا رائے آپ کی کیا ہے

جب یہ دنیا بھی بے ثبات ہے پھر
زندگی سے یہ دوستی کیا ہے

کیا کہوں میں کہ میرے چہرے پر
اب یہ دنیا بھی دیکھتی کیا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

رشتے، ناطے تو ٹھیک ہیں لیکن
اور لوگوں سے دل لگی کیا ہے

شہر میں شور ہے بہت لیکن
میرے گھر میں یہ خامشی کیا ہے

تیرے بارے میں کیا کہوں گلزارؔ
میں ہوں حیراں کہ سادگی کیا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کیا کہیں کس پہ کیا گزرتی ہے
ہر کوئی چیز آہ بھرتی ہے

کب کہاں کس جگہ ٹھہرتی ہے
زندگی بھی کمال کرتی ہے

دیر سے ہی سہی مگر اک دن
زندگی خود بہ خود سنورتی ہے

تم نہیں ہو تو زندگی پھر بھی
ہے تو تنہا مگر گزرتی ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کوئی کچھ بھی کرے صبا سے ہی
پھول بن کر کلی نکھرتی ہے

یہ جوانی حسین ہے لیکن
جسم کو چھو کے بس گزرتی ہے

کس کو کس شئے پہ ناز ہو گلزارؔ
ہر کوئی شئے یہاں بکھرتی ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تمہیں جو کچھ بھی کہنا ہو کہو جی
میرے آگے مگر بیٹھے رہو جی

یہاں کس کی کوئی سنتا ہے یارب
ہے اپنا حال کیا تم ہی سنو جی

یوں تنہا بیٹھنا اچھا ہے لیکن
کبھی اس بھیڑ میں آکے چلو جی

بہت مجبور ہوں میں میری خاطر
جہاں والو! تم ہی کچھ تو کرو جی

تم ہر اِک پر لٹائے جا رہے ہو
وفا، اپنوں کی خاطر بھی رکھو جی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں تم سے کچھ نہیں چاہوں مگر تم
وفا، اُلفت، محبت مجھ کو دو جی

ہیں تیرے ساتھ میری بھی دعائیں
ہمیشہ کے لئے یوں ہی جیو جی

تم اپنے حال پہ رونے سے پہلے
ذرا کچھ دیر جی بھر کے ہنسو جی

میں تنہا ہوں نہیں پھر بھی تُو گلزار
وہاں تک ہی سہی لیکن چلو جی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کس قدر مجھ کو یہ ستاتی ہے
زندگی مجھ کو آزماتی ہے

جب سے ٹوٹا ہے آئینہ دل کا
یہ ہنسی بھی نہ راس آتی ہے

اپنی قسمت پہ ناز تھا لیکن
اب تو خود سے بھی شرم آتی ہے

میں تو سمجھا تھا کوئی اور ہوگا
زندگی تو مجھے بلاتی ہے؟

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم کو کیا سب کو اپنی باری پر
زندگی روز شب رلاتی ہے

میں نے سمجھا تھا اور ہی لیکن
زندگی تو یہ کیا دِکھاتی ہے

مجھ کو معلوم تھا مگر گلزار
زندگی کس کے ہاتھ آتی ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

ہیں باندھے ہاتھ میرے بھی کسی نے
چلو مجھ سے بھی اُلفت کی کسی نے

بہت ہی خوش طبیعت تھا وہ لیکن
اُس سے بھی بے وفائی کی کسی نے

سنا ہے میں نے بھی لیکن خبر کیا
کہی یہ بات مجھ سے بھی کسی نے

میں شاعر ہوں مگر میرے شہر میں
خبر یہ بھی تو پھیلا دی کسی نے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہی کہہ دوں کہ اس تیرے شہر میں
چرایا ہے میرا بھی جی کسی نے

پھیرا ہوں دور تک میں بھی کہ میری
طبیعت کب کی بہکادی کسی نے

میں حیراں ہوں تیرے گھر میں بھی گلزار
میرے آگے یہ مئے رکھ دی کسی نے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کس غم کو کس عالم کو نہیں جانتا ہوں میں
سمجھو کہ اب خدا سے پناہ مانگتا ہوں میں

وہ کیا ہے کیا نہیں ہے مجھے کچھ خبر نہیں
اتنا میں جانتا ہوں اُسے جانتا ہوں میں

اس ایسی بھیڑ میں سبھی میرے قریب ہیں
مشکل سے مگر خود کو بھی پہچانتا ہوں میں

باہر کیا ہو رہا ہے میں یہ دیکھتا مگر
مدت سے اپنے دل کے اندر جھانکتا ہوں میں

مجھ کو تو پہنچا تھا اگر کوچۂ جاناں
یہ کس گلی کی خاک مگر چھانتا ہوں میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جتنا بھی کر سکیں گے کریں مجھ کو اس سے کیا
خود کیا میں کر سکوں گا یہ خود جانتا ہوں میں

جو کچھ بھی تم کو چاہیئے لے جائیے حضور
اس وقت اپنے آپ کو بھی بانٹتا ہوں میں

وہ مجھ سے کیا کہے کہ ہر اِک بات بات پر
پہلے تو اپنے آپ کو بھی جانچتا ہوں میں

گلزارؔ تو جس شہر میں رہتا ہے ان دنوں
اُس شہر کے عُشاق کو بھی جانتا ہوں میں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

چھوٹی چھوٹی باتوں پر
دیکھو اتنا غور نہ کر

خود کو اوروں کی خاطر
خود کو یوں مجبور نہ کر

اے دل تیرے ہونے سے
بہتر ہے بے جان پتھر

کوئی کتنا بھی چاہے
پھر بھی لگتی ہے ٹھوکر

تم جیسی تصویر کہاں
میرے دل میرے دلبر

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جانے کس کی فرقت میں
دل یہ روتا ہے اثر

مجھ میں اِک ہنگامہ ہے
پھر بھی ہے خاموش نظر

میں تو اِک فریادی ہوں
لیکن تم سے ہوں بڑھ کر

تم جو کہتے ہو گلزار
مجھ کو ہے منظور مگر۔۔۔

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کہو کب تک زمانے سے ڈرو گے
کیا تنہا عمر بھر یوں ہی رہو گے

کہاں تک اَن سنی یوں ہی کرو گے
سنو اک دن تم بس میری سنو گے

تم مجھ کو ٹالتے رہتے ہو لیکن
کسی دن تم میرے ہو کر رہو گے

تم میرے گھر سے تو جاؤ گے لیکن
کیا تم اس بھیڑ میں تنہا پھرو گے

کہاں تک زندگی کے اس سفر میں
تم خود سے بھی الگ یوں ہی چلو گے

ہمیں اس وقت تم جانے دو گلزارؔ
تم ہی کہہ دو کہ تم پھر کب ملو گے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

جیسے کہ تجھے میری ضرورت ہی نہیں ہے
احساس مگر تجھ میں ذرہ بھر بھی نہیں ہے

لگتا ہے کہ تو بھی ہے یہاں دیر سے تنہا
میری طرح تیرا بھی یہاں کوئی نہیں ہے

دل کل کی طرح اب بھی ہے سرشار و لیکن
تجھ میں جو بے کلی ہے میری جیسی نہیں ہے

کل تم نے جو کہا تھا مجھے یاد ہے لیکن
آج تم کو یقین مجھ پہ ذرہ بھر بھی نہیں ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جس دن سے میرے دوست تجھے جانتا ہوں میں
یہ بات کسی سے بھی کہیں چُھپی نہیں ہے

اے زیست تیرے بارے میں اتنا میں کہہ سکوں
دنیا میں کہیں بھی تُو کسی کی بھی نہیں ہے

گلزار تیرے بارے میں اتنا میں کہہ سکوں
خوش میری طرح تو بھی کسی سے بھی نہیں ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

سُنا ہے میں نے بھی لیکن خبر کیا
کس سے پوچھوں وہ آیا تھا اِدھر کیا

کوئی دیوانہ ہو تو اُس کے آگے
جہاں یہ چیز ہے کیا اور گھر کیا

مجھے معلوم کیا میرے شہر میں
ہے مجھ جیسا کوئی آشفتہ سر کیا

میں کن حالات میں ہوں کیا بتاؤں
کریں تو کیا کریں یہ چارہ گر کیا

مجھے اب میری منزل کا پتہ دے
بھٹکنا ہے مجھے یوں عمر بھر کیا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جب یہ دنیا بھی اِک دن چھوڑنی ہے
پھر یہ دیوار و در کیا اور گھر کیا

تم جاؤ گے تو کیا میں بعد تیرے
فلک کا چاند دیکھوں آنکھ بھر کیا

تم یہ کیا سوچتے رہتے ہو گلزارؔ
کہیں بچھڑا ہے تیرا ہم سفر کیا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

زندگی تجھ سے کیا کہے کوئی
چاہے کتنا بھی غم سہے کوئی

ظلم کیسا بھی تھا سہا لیکن
ظلم ایسا نہ پھر سہے کوئی

کون چاہے گا خاتمہ اپنا
تیرے منہ پر جو کچھ کہے کوئی

میں اکیلا تو ہوں مگر دل میں
اک زمانے سے دیکھ ہے کوئی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

شہر میں کتنی بھیڑ ہے پھر بھی
اب نہ تنہا کہیں رہے کوئی

بھوک اور پیاس کے اس عالم میں
کس طرح توبتا جئے کوئی

میں جہاں تھا کہ اب وہاں گلزار
بھول سے بھی نہ یوں رہے کوئی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

دیکھ کے مجھ کو مُسکرا لینا
ورنہ اِک دوسرے سے کیا لینا

تم جو چاہو تو اپنے دل سے بھی
میرے بارے میں مشورہ لینا

دوستی ہے مگر کبھی پھر بھی
چائے پہ ہی سہی بُلا لینا

میں تو اب تھک کے ہار بیٹھا ہوں
ہو سکے تو گلے لگا لینا

میں سمجھتا ہوں واسطے اُس کے
دل ہے جیسا، محل بنا لینا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

حکم یہ ہے کہ عشق میں پہلے
اپنے دل کو بھی آزما لینا

سچ تو یہ ہے کہ آج مجھ کو بھی
کچھ تو اُدھار تم سے تھا لینا

تم کو جانا ہے جائیے لیکن
شہر میں تم مکاں نیا لینا

آج تک جو ہوا، ہوا لیکن
اب یہ گھر پھر سے تم بسا لینا

وقت جاڑے کا ہے چلو تم بھی
میری اپنی جو ہے ردا، لینا

آج جا کر کہیں سے بھی گلزارؔ
اس نئے درد کی دوا لینا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کس سے کیسے سمجھوتے
ہم بھی دیوانے ہوتے

ہم بھی اپنی قسمت پر
تھوڑا سا نالاں ہوتے

دیکھو وہ کتنا خوش ہے
دیوانے کیا یوں ہوتے

رونے سے کیا ہوتا ہے
پھر تو پتھر بھی روتے

تن کو یوں ہم دھوتے ہیں
یارب! من کو بھی دھوتے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یوں کھونے سے کیا ہوگا
تیری الفت میں کھوتے

جیسے تم اوروں کے ہو
کاش ہمارے بھی ہوتے

گھر میں بھی ہنگامہ ہے
جب سے آئے ہیں پوتے

آؤ دیکھیں گے گلزارؔ
آپس کے وہ سمجھوتے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اس سے پہلے وہ کب نظر آئے
دیر سے ہی سہی مگر آئے

کیا قیامت کہ تیری محفل میں
لوگ دیکھو کہ کس قدر آئے

کس کو اُمید تھی مگر میری
آج دعوت پہ معتبر آئے

کیا کہوں کیوں وہ میرے کہنے پر
پھر شرارت پہ یوں اُتر آئے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

آج تک جو میں چھوڑ آیا ہوں
کاش ویسا ہی رہ گزر آئے

میں ہوں حیراں کہ میرے کہنے پر
کس طرح سے وہ میرے گھر آئے

ہوں بہت ہی اُداس مگر گلزارؔ
آنچ پھر بھی نہ نام پر آئے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

ایک دن تم بھی ہار جاؤ گے
خود کو بھی جب سمجھ نہ پاؤ گے

منتظر ہوں میں ایک مدت سے
اور کب تک تم آزماؤ گے

تم کہاں ہو مجھے نہیں معلوم
ایک دن خود ہی لوٹ آؤ گے

دل یہ کیا چیز ہے کہ اُلفت میں
جسم و جاں کو بھی تم جلاؤ گے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کب یہ معلوم تھا کہ مجھ کو بھی
اس طرح تم مجھے ستاؤ گے

گھر بنانا تو ٹھیک ہے لیکن
کس لئے تم مگر بناؤ گے

تم کو افسوس ہے مگر گلزارؔ
اب تو کیا مجھ کو بھی رلاؤ گے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یہ دنیا ہے یہاں رونا ہے واجب
کسی کے عشق میں کھونا ہے واجب

یہ ایسا بوجھ ہے جو ہر کسی کو
جنم سے موت تک ڈھونا ہے واجب

کسی کا عشق میں ہونے سے پہلے
الگ خود سے بھی تو ہونا ہے واجب

سنورنا یوں بھی آساں ہے ولیکن
سجاوٹ کے لئے سونا ہے واجب

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

گناہوں سے تو توبہ کر ہی لیں گے
مگر دامن کو بھی دھونا ہے واجب

چلو چلتے رہو پھر بھی میں کہہ دوں
کہ کچھ پل کے لئے سونا ہے واجب

دلاسہ کون کس کو دے کہ گلزارؔ
یہاں سب کے لئے رونا ہے واجب

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مجھ کو ہے معلوم کہاں
میں تو خود بھی ہوں حیراں

دیکھو میری ہے پہچاں
میں خود سے بھی ہوں انجاں

تیرے آگے میں کیا ہوں
میرے دلبر، میری جاں

اب تو پارے کی مانند
میرا دل بھی ہے لرزاں

تم مرنے سے ڈرتے ہو
جینا بھی ہے کیا آساں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

دیکھو ہم سے دور نہ جا
ہم تو یوں بھی ہیں مہماں

آخر تیرا ہو کر بھی
میری دنیا ہے ویراں

مجھ کو یوں برباد نہ کر
آخر میں بھی ہوں انساں

بہتر ہے کچھ کہنے سے
چُپ ہی رہنا میری جاں

آؤ دیکھیں گے گلزارؔ
کون کہاں ہے کون کہاں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

میں کہاں تھا کہاں یہ جا پہنچا
تیری محفل میں "خیر" آ پہنچا

شکر یہ ہے کہ وقت سے پہلے
کچھ تو پیغام آپ کا پہنچا

آپ کے ساتھ میں بھی تھا لیکن
وقت سے قبل میں ذرا پہنچا

میں ہوں حیراں کہ میری بستی میں
کس طرح سے وہ آج آ پہنچا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں نے جو کچھ نہیں کہا وہ بھی
تیری بستی میں جا بجا پہنچا

دیکھ تو بھی کہ اُن کی جانب سے
میں نے سوچا تھا کیا یہ کیا پہنچا

میں تو رستے میں تھا کہ وہ گلزارؔ
اپنی منزل پہ آج جا پہنچا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

حال اپنا ہے کیا کہوں کیسے
ایسی حالت میں جی سکوں کیسے

لوگ تو یوں ہی مُسکراتے ہیں
میں تو حیران ہوں ہنسوں کیسے

زندگی تیری بے وفائی پر
خود کو الزام بول دوں کیسے

نام اپنا ہے کیا نہیں معلوم
نام تم سے میں پوچھ لوں کیسے

بول تو ہی کہ اس طرح تنہا
شہر کی بھیڑ میں چلوں کیسے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میرا اپنا پھٹا تو ہے لیکن
تیرا کُرتا میں پہن لوں کیسے

تم نے جب مجھ سے بے وفائی کی
پھر میں تم سے وفا کروں کیسے

تم جو کہتے ہو ٹھیک ہے لیکن
تم کو اپنا میں جان لوں کیسے

سچ تو یہ ہے کہ اس طرح گلزارؔ
روز تم سے بتا ملوں کیسے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تجھے اب بھی بہت میں چاہتا ہوں
بِنا تیرے میں کس کو جانتا ہوں

کوئی بھی بات ہو کہنے سے پہلے
میں اپنے آپ کو بھی جانچتا ہوں

ملا ہے کیا مجھے تم سے اگر میں
جہاں بھر کی طرح کچھ مانگتا ہوں

تم اوروں کے لئے کیا ہو مگر میں
تمہیں تو دوست اپنا مانتا ہوں

بہت ہی خوش طبیعت تھا میں لیکن
نہیں اب خود کو بھی میں جانتا ہوں

تمہیں معلوم ہے کیا تم سے گلزارؔ
بہت زیادہ میں اُسکو جانتا ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کوئی غم مجھ کو کھائے جا رہا ہے
نہ جانے کون کیا سمجھا رہا ہے

تمہیں سن کر بہت تکلیف ہوگی
اگر کہہ دوں کہ دن کیسا رہا ہے

وہ تنہا ہے چلو مانا و لیکن
کہاں گھر چھوڑ کے اب جا رہا ہے

تمہارے ساتھ اوروں کی بہ نسبت
یہ لمحہ عمر کا اچھا رہا ہے

سنا ہے میں نے بھی لیکن خبر کیا
کہ وہ اس بزم میں پھر آ رہا ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تمہیں جو چاہیئے لے جاؤ لیکن
ہمارے پاس بھی اب کیا رہا ہے

مجھے جس سے محبت ہے وہ دل بھی
میرے بس سے نکلتا جا رہا ہے

بہت ہی خوش طبیعت ہے وہ لیکن
ذرا سی بات پہ شرما رہا ہے

تو یہ کس بات پہ حیران ہے گلزارؔ
یہاں ایسا بھی ہوتا جا رہا ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

سنا ہے میں نے بھی لیکن خبر کیا
کس سے پوچھوں وہ آیا تھا اِدھر کیا

کہیں تم نے اُسے دیکھا ہے گلزار
میں تم سے پوچھ لیتا ہوں مگر کیا

جب یہ گھر بھی یہاں اپنا نہیں ہے
پھر یہ رنگے ہوئے دیوار و در کیا

وہ آوارہ ٹھہر جائے تو پوچھیں
کہو پھرتے ہو تم بھی دربدر کیا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں تنہا ہوں چلو مانا و لیکن
کہو جاؤ گے تم بھی چھوڑ کر کیا

تم کہتے ہو چلو جائیں گے لیکن
بتا تو ہی اِدھر کیا ہے اُدھر کیا

کوئی بھی کام ہو کر لو کہ گلزارؔ
یوں ہی بیٹھے رہو گے عمر بھر کیا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

وفا کے نام پر کیا چاہتے ہو
کیا تم بھی کچھ نیا سا چاہتے ہو

جو میرے پاس تھا میں دے چکا ہوں
تم مجھ سے اور کیا کیا چاہتے ہو

میں یہ بھی جانتا ہوں میری خاطر
تم اس دنیا سے کیا کیا چاہتے ہو

ہمارا اپنا جب گھر ہے تم پھر بھی
یہ عالم اور یہ دنیا چاہتے ہو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ہمارے گھر میں کیا کم ہے جو تم بھی
جہاں بھر کا تماشہ چاہتے ہو

تم میرے واسطے کیا ہو مگر تم
یہ مجھ سے آج کیا کیا چاہتے ہو

کہ جس کو ٹوٹ کر چاہا تھا گلزارؔ
چلن بھی تم اُسی کا چاہتے ہو

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم ہمارے ہو نہ پرائے ہو
پھر بھی ہر دل میں تم سمائے ہو

کیا کہوں میں کہ واسطے کس کے
تم یہ دیوار و در سجائے ہو

دیکھ کتنے ہی گُل کھلے اے دوست
جب سے تم اس جگہ پہ آئے ہو

شور برپا ہے میری بستی میں
جیسے انساں نہیں ہیں سائے ہو

اب دِکھا دو کہ واسطے میرے
تم یہ کیا آج لے کے آئے ہو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

آج آئے ہو ٹھیک ہے لیکن
نقش پا پھر مٹا کے آئے ہو

تم تو آنکھوں میں تھے مگر دل میں
کب سے لیکن قدم جمائے ہو

کیا کہوں میں کہ کس قدر خوش ہوں
جب سے اس دل میں تم سمائے ہو

تم تو خود سے بھی آج کل گلزارؔ
مجھ کو لگتا ہے کچھ چھپائے ہو

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

اس طرح مجھ کو چھوڑ کر جانا
ہے کہاں میرے ہم سفر جانا

اس طرح بام سے میری خاطر
کس قدر ہے عجب اُتر جانا

جانتا ہوں کہ شام سے پہلے
آپ کو آج بھی ہے گھر جانا

میں اگر قول سے مُکر جاؤں
تم بھی اُلفت میں پھر مُکر جانا

تم بھی یوں ہی تو مسکرائے ہو
تم نے کب کیا یہاں مگر جانا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم کو جانا ہے جائیے لیکن
اک نظر مجھ کو دیکھ کر جانا

میں سمجھتا ہوں ایسی حالت سے
ہے تو بہتر کہیں بکھر جانا

آؤ بیٹھیں کہ اپنے اس گھر سے
یہ بتا ہے کہاں، کدھر جانا

تم ہو ناداں کہ آج تک گلزار
تم نے کس کس کو ہم سفر جانا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تم کیوں ایسے روتے ہو
اشکوں کو یوں کھوتے ہو

تم کون ہوتے ہو میرے
میری خاطر روتے ہو

مالی ہو کر گلشن میں
تم کانٹوں کو بوتے ہو

راتوں کو کیا دن کو بھی
تم اکثر یوں سوتے ہو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

دامن پانی کی نسبت
تم اشکوں سے دھوتے ہو

میرا اپنا مسئلہ ہے
لیکن تم کون ہوتے ہو

ویسے بھی تم کب گلزارؔ
جگ کی خاطر روتے ہو

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

ایسے ویسے آنا جانا مشکل ہے
پھر دنیا کو بھی سمجھانا مشکل ہے

میری مانو، آؤ چل کر دیکھیں گے
اُن تک جانا، میں نے مانا مشکل ہے

تم جاؤ گے وہ بھی ایسی حالت میں
دیکھو اس پل تیرا جانا مشکل ہے

جب کچھ ایسی بات ہو اور وہ اوروں سے
کیسے چھپے گی جس کو چھپانا مشکل ہے

اس دنیا میں ایسی ویسی باتوں پر
اب تو ہنسنا اور ہنسانا مشکل ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جب مٹی زرخیز ہو تو پھر مشکل کیا
لیکن صحرا کو مہکانا مشکل ہے

تم آؤ گے وہ بھی ایسے موسم میں
دھوپ میں بھی جب تیرا آنا مشکل ہے

مجھ کو یہ معلوم کہاں تھا اُلفت میں
دل کو سمجھنا اور سمجھانا مشکل ہے

جانے کس عالم میں کھوئے ہو گلزار
ہوش میں ہو کر خود کو گنوانا مشکل ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

زندگی تجھ سے لٹ گیا میں بھی
ورنہ خود سے تھا آشنا میں بھی

مجھ کو حیرت سے دیکھنے والو
تم سے اچھا تو پہلے تھا میں بھی

آج وہ ہے تو کیا ہوا اے دوست!
کل تک اُسے خفا تو تھا میں بھی

سب کے سب جب چلے گئے تب ہی
تم سے رخصت تو ہوگیا میں بھی

اُس کو جی بھر کے دیکھنے والو
تم کو ہی کچھ تو دیکھتا میں بھی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یوں تو خود سے ہوں آشنا میں بھی
پھر بھی کیا ہوں، یہ جانتا میں بھی

اے زمیں! تیرے ذروں کی مانند
کچھ تو بکھرا ہوں جابجا میں بھی

جانے کس کے لیے وہ ٹھہرا تھا
ساتھ اُس کے تو رک گیا میں بھی

مانتا ہوں کہ تم بھی ہو لیکن
اس شہر میں ہوں پارسا میں بھی

آج اُس کی ذرا سی لغزش پر
کیا کہوں کیوں برس گیا میں بھی

لوگ کہتے تو ہیں مگر گلزارؔ
تو بتا کیا ہوں بے وفا میں بھی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تجھے اب بھی بہت میں چاہتا ہوں
یہاں میں اور کس کو جانتا ہوں

تجھے ویسے بھی یہ معلوم ہوگا
میں کیا ہوں اور کیا میں چاہتا ہوں

تو مجھ سے دور ہے لیکن تجھے میں
بہت نزدیک سے بھی دیکھتا ہوں

مجھے خود سے بھی نفرت ہے مگر میں
کہوں کیا کس لئے تجھ پہ فدا ہوں

میں انساں ہوں مجھے آدم ہی سمجھو
کہا کب میں نے یہ، میں دیوتا ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ میں کس شخص سے بچھڑا ہوں یارب!
کہ میں خود سے بھی تنہا ہو گیا ہوں

کہو کچھ بھی چلو میں مانتا ہوں
مگر یہ مت کہو میں بے وفا ہوں

سنا تو تھا مگر معلوم کب تھا
کہ میں اس کی نظر سے گر چکا ہوں

تم جس کی بات کرتے ہو میں گلزارؔ
اُسے خود سے بھی زیادہ جانتا ہوں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

آج تک دور ہی رہا مجھ سے
جانے وہ چاہتا ہے کیا مجھ سے

آج تک جو خفا رہا مجھ سے
آج وہ خوش بہت ہوا مجھ سے

ہر کوئی ہے یہاں خفا مجھ سے
اے خدا! تو ہی کر وفا مجھ سے

کیا نہ کچھ میں نے دے دیا لیکن
کاش! کچھ وہ بھی مانگتا مجھ سے

ایک دن خود ہی جان جاؤ گے
کیا کہوں کیا وہ کہہ گیا مجھ سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کس کے گھر کیا میں مانگنے جاؤں
حال ان کا تو ہے بُرا مجھ سے

جو بھی میرا تھا آخرش وہ بھی
لے گیا کوئی بے وفا مجھ سے

کاش! کوئی یہ پوچھتا مجھ سے
کیا تعلق ہے آپ کا مجھ سے

میں کہیں جا کے ہاتھ پھیلاؤں
یہ نہ ہوگا نہ ہوسکا مجھ سے

میں بہت ہی اُداس ہوں پھر بھی
اے میرے غم! نہ دور جا مجھ سے

وہ نہیں ہے تو کیا ہوا تو ہی
دل کسی طرح سے لگا مجھ سے

دل ہے ویراں تو کیا ہوا گلزار
خوش ہے لیکن یہ آئینہ مجھ سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

زندگی اور کیا کہوں تم سے
میں بہت ہی اُداس ہوں تم سے

تم کو آنا ہے آئیے لیکن
اتنی جلدی میں کیا ملوں تم سے

تم نے پانسہ پلٹ لیا پھر میں
کس بہانے سے جیت لوں تم سے

اس لئے گھر سے میں نکلتا ہوں
تاکہ جی بھر کے مل سکوں تم سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

لوگ الزام ہم پہ دھر لیں گے
اس لئے دور ہی رہوں تم سے

میں نے تو دل ہی تم سے مانگا تھا
اب بھلا کیا میں مانگ لوں تم سے

تم جو کہتے ہو ٹھیک ہے گلزارؔ
پھر بھی اِک بات میں کہوں تم سے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کاش میں بھی یہ سوچتا پہلے
دل مگر ہوش میں نہ تھا پہلے

تم کو جانا ہے جائیے لیکن
یہ بتا میں نے کیا کہا پہلے

اب اگر وہ بھی میرا دشمن ہے
اک وہی دوست میرا تھا پہلے

بعد میں، میں بھی لُٹ گیا لیکن
دل ہے ناداں کہ لُٹ گیا پہلے

دیکھ میں قہقہے لگاؤں گا
تو مگر دوست مُسکرا پہلے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں نے تب ہی تو بے وفائی کی
جب وہ مجھ سے جُدا ہوا پہلے

میں نتیجے پہ بعد میں پہنچا
جب وفا میں ہوئی سزا پہلے

بزم میں بھیڑ تھی بہت ورنہ
میری جانب وہ دیکھتا پہلے

کب کہاں پر بھٹک گیا گلزارؔ
ورنہ وہ بھی تھا پارسا پہلے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

مجھ سے میرا نام نہ پوچھ
کیا کرتا ہوں کام نہ پوچھ

دن کو ہے آرام کہاں
کیسے بیتی شام نہ پوچھ

ہم پر اُن کی جانب سے
کیا کیا ہیں الزام نہ پوچھ

تیری میری اُلفت کے
کیسے تھے ایام نہ پوچھ

دن کے اس اجیالے کا
کیا ہے پھر انجام نہ پوچھ

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جلیتے جی اس دنیا میں
کتنے ہیں گمنام نہ پوچھ

محلے کی اس بستی میں
کس کا ہے وہ بام نہ پوچھ

وہ بھی اب میری مانند
کرتا ہے کیا کام نہ پوچھ

چلتی پھرتی دنیا میں
کس کا ہے کیا کام نہ پوچھ

میرؔ اور غالبؔ کے آگے
کوئی تھا خیامؔ نہ پوچھ

اس سے بہتر ہے گلزارؔ
تو ہر شئے کا دام نہ پوچھ

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یوں تو ماحول دوستانہ تھا
کون کس کا مگر نشانہ تھا

تم کو کیا مجھ سے دوستانہ تھا
یا مجھے یوں ہی آزمانہ تھا

اصل میں تم کو دیکھ آنا تھا
سیر کرنا تو اِک بہانہ تھا

میں سمجھتا ہوں تیری دنیا میں
اِک میرا دل ہی عاشقانہ تھا

تم سمجھتے ہو آج تک تم سے
جو کہا وہ تو اِک فسانہ تھا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں تو حیران ہوں کس سے پوچھوں
اس شہر میں میرا ٹھکانہ تھا

اک دفعہ اس شجر کی ٹہنی پر
ایک جوڑے کا آشیانہ تھا

تم جو گاتے ہو، اک زمانے میں
میرے لب پہ بھی یہ ترانہ تھا

وہ تو کیا تھا اور کیا نہ تھا گلزارؔ
پر اُسے مجھ سے دوستانہ تھا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

آج وہ اس طرح ملا مجھ سے
جیسے اب تک نہ تھا جُدا مجھ سے

وہ تو ہے آج بھی خفا مجھ سے
جانے کب کیا ہوئی خطا مجھ سے

لوگ اِک دوسرے سے ملتے ہیں
جانے کس کو ہے کیا گلہ مجھ سے

قد میں چھوٹا ہے عمر سے لیکن
وہ تو چند سال ہے بڑا مجھ سے

میں کراہتا تو ہوں مگر دل کا
حال کچھ اور ہے بُرا مجھ سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں تو حیران ہوں تیرے گھر کا
پوچھ لے کیوں کوئی پتا مجھ سے

میں نے مانا کہ بے وفائی کی
خیر، تم نے بھی کیا کیا مجھ سے

یہ تو آخر کمال ہے اُس کا
ورنہ آگے وہ تھا ذرا مجھ سے

بات کیا ہے کہ اب یہاں گلزارؔ
میرے اپنے بھی ہیں خفا مجھ سے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

لگتا ہے اِک صدی سے اُسے جانتا ہوں میں
اس طرح محبت سے اُسے دیکھتا ہوں میں

میں کیا ہوں کیا نہیں ہوں مجھے کچھ خبر نہیں
حیرت سے اپنے آپ کو بھی دیکھتا ہوں میں

جانے وہ کس خیال میں گم ہے کہ ان دنوں
وہ مجھ کو سمجھتا ہے بڑا بے وفا ہوں میں

آخر تیرے مکان کا میں بھی چراغ ہوں
یہ اور بات وقت سے پہلے بجھا ہوں میں

جس طرح سے بھی ہو سکے مجھ کو سنبھالیے
آخر تمہارے جسم کی پیاری قبا ہوں میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تم کیا سمجھ رہے ہو تمہارے بغیر بھی
اُس اپنے دل کے واسطے بھی دِلرُبا ہوں میں

میں تو حسین ہوں مگر مجھ کو خبر نہیں
یہ کس حسین شخص کی آخر ادا ہوں میں

تم کچھ بھی کہو پر یہ سمجھ لیجئے حضور
دنیا بھی سمجھتی ہے کہ تم پہ فدا ہوں میں

گلزارؔ تم سے کیا کہوں دنیا کی بھیڑ میں
ہر اِک سے پوچھتا ہوں کہاں آ گیا ہوں میں

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کسی سے بھی یہاں مجھ کو ملا کیا
تو بھی اے دوست مجھ سے ہے خفا کیا

میں شاید پتھروں میں رہ رہا ہوں
مجھے معلوم ہے کیا، ہے وفا کیا

کس سے پوچھوں اگر میں بے خبر ہوں
میرے اس جسم پر بھی ہے قبا کیا

کوئی پوچھے اگر تو کیا میں کہہ دوں
کہ تم کو دیکھ کر مجھ کو ملا کیا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں اپنے آپ سے بھی بے خبر ہوں
بتا تو ہی کہ میری ہے خطا کیا

تم کہتے ہو چلو میں مانتا ہوں
مگر یہ تو بتا میں نے کیا کیا

کہا تو تھا مگر دیکھو کہ گلزارؔ
کہاں ہے یاد اب تم سے کہا کیا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

یوں تو تم مجھ جیسے ہو
پھر بھی بولو کیسے ہو

مجھ کو تھا معلوم کہاں
تم بھی تو مجھ جیسے ہو

میرے آگے تم کیا ہو
تم تو ایسے ویسے ہو

ہم تو ہیں مجبور بہت
تم بولو تم کیسے ہو

آخر تم تو میرے ہو
ایسے ہو یا ویسے ہو

تم کیا سمجھو گے گلزارؔ
تم بھی تو مجھ جیسے ہو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کوئی کچھ بھی کہے تو کہنے دو
تم بھی لیکن نہ مجھ کو طعنے دو

تم کو جانا ہے جائیے لیکن
مجھ کو گھر میں ہی آج رہنے دو

آج تک کیا نہ کچھ سہا لیکن
آج آنکھوں سے اشک بہنے دو

تیری نظروں میں جب میں مجرم ہوں
پھر یہ الزام بھی سر لینے دو

تم کو کہنا ہے جو کہو لیکن
پہلے مجھ کو بھی کچھ تو کہنے دو

دل بہت ہی اُداس ہے گلزارؔ
آج جی بھر کے مجھ کو پینے دو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

ہم کہاں تھے مگر کہاں پہنچے
خیر، تم تک تو میری جان پہنچے

اب تو لگتا ہے تیری الفت میں
ہم زمیں پہ تھے آسماں پہنچے

تم کہاں ہو ہمیں نہیں معلوم
پھر بھی دیکھا تمہیں، جہاں پہنچے

کس کو معلوم ہے کسے پوچھوں
بات کب دل کی تا زباں پہنچے

بات کیا ہے کہ شام سے پہلے
آج پنچھی بھی آشیاں پہنچے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ نہ پوچھو کہ کس طرح ہم بھی
آج پھر کوچۂ جاناں پہنچے

اپنی قسمت پہ ناز تھا پھر بھی
گھر کو جانا تھا ہم کہاں پہنچے

اپنی اُلفت کی ترجمانی پر
دیکھ کتنے ہی ترجماں پہنچے

ہم کنارے پہ تھے مگر گلزارؔ
جانے کب اُس کا بادباں پہنچے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

تنہا تنہا ایسے رہنا مشکل ہے
تیری فرقت کا غم سہنا مشکل ہے

اس بستی میں شور بہت ہے آؤ تو
ایسے میں کچھ کہنا سُننا مشکل ہے

کون کہاں پر ہے جو مجھ کو چاہے گا
ایسے ویسے زعم میں رہنا مشکل ہے

دل کی باتیں دل ہی میں اب رہنے دے
تم سے بھی کچھ کہنا سُننا مشکل ہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

آخر اِک دن تم بھی پکڑے جاؤ گے
دنیا کی نظروں سے بچنا مشکل ہے

تم سے کیا میں کہہ دوں میرے اپنے بھی
ہیں کتنے عیار یہ کہنا مشکل ہے

کس کو چاہوں کس کو چھوڑوں ایسے میں
خود کو بھی گلزارؔ سمجھنا مشکل ہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

❖

کون اب مجھ کو دیکھنا چاہے
ایک پتھر کو پوجنا چاہے

اتنی خوشبو ہے تیری اُلفت میں
پھول بھی تم کو دیکھنا چاہیے

زندگی تو بتا تیری خاطر
کون عقبیٰ سے لوٹنا چاہے

جانتا ہوں کہ میرے آنے تک
کیا کسی سے وہ پوچھنا چاہے

کیا تماشہ کہ اپنی دنیا تک
گھر کی مانند وہ بانٹنا چاہے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جانتا ہوں کہ کس لئے میرے
آج دل میں وہ جانکنا چاہے

جانتا ہوں کہ سامنے سب کے
مجھ سے کیا کیا وہ پوچھنا چاہے

ہاں، یہ سچ ہے کہ اپنی پونجی بھی
آج وہ مجھ کو سونپنا چاہے

خوش طبیعت ہے وہ مگر گلزارؔ
روز و شب مجھ سے روٹھنا چاہے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

گُماں

میں جب بھی
گھر سے نکلتا ہوں
یا کہیں جاتا ہوں
تو مجھے
دن بھر یہی گُماں رہتا ہے
کہ
جب میں گھر کو لوٹوں
تو تم
میرا استقبال کروگی
مجھے چاہوگی
اپناؤ گی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مگر وہ دل جواب بھی
تیری اُلفت کے شکنجے میں
پہلے کی طرح
بند پڑا ہے
گھر جانے کے انتظار میں رہتا ہے
کہ کب شام ہو
اور میں گھر کو لوٹوں
کسی سے ملوں
باتیں کروں
جو میری راہ میں
آنکھیں بچھائے
میرا انتظار کر رہی ہو گی

مگر یہ دل
جواب محبت کے نشے میں
دیوانہ ہو چکا ہے
یہ نہیں جانتا ہے
کہ کوئی بھی
اس کے انتظار میں نہیں ہے
بلکہ یہ

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ایک جنوں ہے
دیوانہ پن ہے
جو اِسے
ایسا سوچنے پر مجبور کر رہا ہے
ورنہ جو
یہاں سے جاتے ہیں
وہ کب لوٹتے ہیں
جو تم لوٹو گی

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مگر

آج
یعنی ۱۱ر مئی ۲۰۲۳ء کو
آپ کی تیسری برسی پر
گھر میں
مہمانوں کا تانتا بندھا رہا
سبھی آ گئے
کچھ کو فون پر بلایا گیا تھا
اور کچھ تو بن بُلائے مہمان تھے
لیکن
آپ کے مائکے والوں کو
میں نے خود جا کر
بلایا تھا
سبھی آ گئے
جنہیں آنے کو کہا گیا تھا
خوشی خوشی آ گئے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

ڈالیاں لے لے کر آ گئے
سبھوں کے ہونٹوں پر
مسکراہٹیں تھیں
بالکل یوں لگتا تھا جیسے کہ انہیں
کسی شادی بیاہ پر آنا تھا

اور
گھر میں خوب چہل پہل تھی
چاروں اور روشنی ہی روشنی تھی
بچے رنگین کپڑوں میں ملبوس
آنگن میں
چاروں اور کھیل رہے تھے
قہقہیں لگا رہے تھے
یوں لگتا تھا جیسے کہ
ہمارے گھر میں
شادی بیاہ کا سلسلہ
چل رہا ہو
کھانے پینے کا بھی
خوب اہتمام کیا گیا تھا
چاروں اور
خوشیاں ہی خوشیاں تھیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

موسم بھی بہت خوشگوار رہا
جب کہ
کل تک بارشوں کا سلسلہ جاری تھا
مگر میں تمہیں
ڈھونڈنے میں دن بھر مصروف رہا
کبھی مہمانوں میں ڈھونڈتا رہا
تو کبھی
ان بچوں میں جو آنگن میں
ہنگامہ برپا کئے ہوئے تھے
یہ سوچ کر کہ تم
ان ہی میں
مست کھیل رہی ہو
مگر۔۔۔۔

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

تمہاری قسم

میں تمہیں
اتنی مدت بیت جانے کے بعد بھی
بہت یاد کرتا ہوں
یقیں نہ آئے
تو

میرے دل سے پوچھو
میری جان سے پوچھو
اُس زمیں سے پوچھو
آسماں سے پوچھو

اور اگر یقیں نہ آئے
تو تم

جس سے چاہو
اُس سے پوچھو

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

پھر بھی اگر یقیں نہ آئے

تو تم

اپنے دل سے ہی پوچھو

اپنی جاں سے پوچھو

میں سچ کہتا ہوں

میں تمہیں اب بھی

بہت یاد کرتا ہوں

بہت یاد کرتا ہوں

تمہاری قسم

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

وابستگی

آج تک
جو وابستگی تم سے رہی
کتنی سہانی تھی
نرالی تھی
کتنی دلکش اور دلفریب تھی
مجھے بہت پیاری تھی
اپنے دل کی طرح
جاں کی طرح
مجھے بہت پیاری تھی

یہ وہی وابستگی ہے
جس نے مجھے
غم میں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اور پریشانیوں میں
تھامے رکھا

حوصلہ دیا
کبھی خود سے الگ نہیں کیا

اور نہ
رنجیدہ ہونے دی
مجھے ہنسنا سکھایا
جینا سکھایا

یہ وہی وابستگی ہے
جس نے مجھے
جب کوئی دوست، احباب
عزیز و اقارب
مجھ سے رخصت ہوا
تھامے رکھا
مجھے سہلایا
سمجھایا
اور حوصلہ دیا
میں تیری اس وابستگی کے سہارے ہی
جی رہا ہوں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جب کہ تم اب
میرے پاس نہیں ہو
میرے ساتھ نہیں ہو
مگر وہ وابستگی
جو تجھے
مجھ سے رہی ہے
اب بھی

میرے پاس ہے
میرے ساتھ ہے
میری جاں کی طرح

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

پہلے کی طرح

یہ جان کر بھی
کہ
اب تم یہاں نہیں ہو
تم مجھے
ہر کہیں نظر آتی ہو
ایسا لگتا ہے
جیسے کہ تم
اب بھی
میرے پاس ہو
میرے ساتھ ہو
پہلے کی طرح

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اتنی بڑی دُوری

مجھے،
کیا کچھ کرنے کا موقعہ نہیں ملا
مجھے
ہنسنے، ہنسانے
چلنے، پھرنے
اُٹھنے، بیٹھنے
اور مجھے
ملنے جلنے کا موقعہ ملا

اور اب
جب کہ میں تجھے
پوجنا چاہتا تھا
تو مجھ سے
اتنی دُور چلی گئی
کہ مجھے پوجنے کا موقعہ ہی نہیں ملا
میں نے تجھے
کہاں کہاں نہیں ڈھونڈا
مگر تو مجھے
کہیں نہیں ملی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

میں ہنسنا چاہتا ہوں

میں
بہت ہنسنا چاہتا ہوں
جی بھر کے ہنسنا چاہتا ہوں
ویسے بھی
میں نے یہ سنا ہے کہ
ہنسنا انسان کے لیے ضروری ہے
اس سے
چہرے پر رونق آجاتی ہے
چہرا پھول کی طرح کھِل اُٹھتا ہے
میں نے
یہ بھی سنا ہے کہ
جب انسان قہقہیں لگاتا ہے
تو
اس کی آنکھوں سے آنسو نکل آتے ہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یہ وہ آنسو نہیں ہوتے ہیں
جو
غم میں بہائے جاتے ہیں
یہ آنسو
مسرت اور خوشی کے آنسو ہوتے ہیں

مگر
جب میں ہنستا ہوں
تو
میری آنکھوں سے
ہنسنے سے پہلے ہی
آنسو نکل آتے ہیں
یہ ہنسی خوشی کے آنسو
نہیں ہوتے ہیں

یہ
وہ آنسو ہیں
جو کسی کی یاد میں
بہائے جاتے ہیں
اور جو
دل کی گہرائیوں سے

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

چشمے کی مانند
نکل آتے ہیں

اور
آنکھوں کی سطح پر
تیرنے لگتے ہیں
بھٹکی ہوئی کشتی کی طرح

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اس سے پہلے

اس سے پہلے
میں جب بھی کہیں جاتا تھا
جہاں بھی جاتا تھا
تو سائے کی طرح
میرے ساتھ ساتھ ہوا کرتی تھی

لوگ کہتے ہیں
اور یہ سچ بھی ہے
کہ سایہ بھی
زندگی کے گھپ اندھیروں میں
آدمی کا ساتھ چھوڑ دیتا ہے
مگر تو ہمیشہ
میرے ساتھ رہی
میرے پاس رہی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

مگراب
جب سے تم مجھ سے بچھڑ گئی ہو
میں تنہا ہو گیا ہوں
اور اوروں کی نظروں سے
گر چکا ہوں

مگر یہ ناداں
یہ نہیں جانتے ہیں کہ تم
اب بھی
میرے ساتھ ہو
میرے پاس ہو
ہاں یہ سچ ہے کہ میں تمہیں
دیکھ نہیں سکتا ہوں
چھو نہیں سکتا ہوں

مگر میرے من کی آنکھیں
اب بھی تمہیں
دیکھتی بھی ہیں
اور چھو بھی سکتی ہیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

اس لیے تم پہلے سے زیادہ
میرے پاس ہو
میرے ساتھ ہو
کیونکہ
اب میں تمہیں
من کی آنکھوں سے دیکھتا ہوں
اُن آنکھوں سے نہیں
جن سے میں تمہیں
اس سے پہلے
دیکھتا تھا

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

یادیں

آج پھر
اتنی مدت بیت جانے کے بعد بھی
چلتے چلتے
بالکل اُسی جگہ

میں رُک گیا

جہاں ہم دونوں
دو اجنبیوں کی طرح
پہلی بار
ایک دوسرے سے ملے تھے
جب ہماری کوئی جان پہچان نہیں تھی
تو مجھ سے
میرا نام اور پتہ پوچھ رہی تھی
اور میں
ٹکٹکی باندھے تمہیں دیکھ رہا تھا

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

دھوپ اپنی جوبَن پر تھی
بہار کی ہوائیں چل رہی تھیں
چاروں اور خموشی ہی خموشی تھی
لوگوں کا آنا جانا
جیسے تھم سا گیا تھا
شاید
اُنہیں معلوم تھا
کہ آج
ہم دونوں کو
ایک دوسرے سے ملنا ہے
جاننا ہے
پہچاننا ہے
ایک دوسرے سے وعدہ لینا ہے
زندگی کا ساتھ
نبھانے کا وعدہ
پھر
جب ہم ایک دوسرے سے وداع ہوئے
تب تک
دل میں کچھ یادیں بس چکی تھیں

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

جواب بھی

میرے ساتھ ہیں

دل کی طرح

جاں کی طرح

اور

تمہاری طرح

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

سوچ

پہلے پہل
جب ہم نے ایک دوسرے کو
دیکھا بھی نہیں تھا

نہ جانا تھا

میں سوچتا تھا کہ
جب ہم
اُدھیڑ عمر کے ہوں گے
میرے سر پر ٹوپی اور
چہرے پر سفید داڑھی ہو گی
اور تیرے ماتھے پر
ہنستی اور کھلتی ہوئی
چھوٹے چھوٹے قد کی معصوم جھُریاں
اس بات کی گواہی
دیتے ہوں گی

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

کہ

جب ہم جواں تھے

تو ہم

کس قدر ایک دوسرے کے قریب تھے

نزدیک تھے

ہمارے جذبات اور خیالات

کس قدر جواں تھے

مگر

میرا یہ سوچ

سوچ ہی رہا

یہ حقیقت میں نہیں بدل سکا

کیوں کہ

ہم جوانی میں ہی

ایک دوسرے سے بچھڑ گئے

وداع ہوئے

❖❖❖

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

دیگر مطبوعات

۱۔ سایہ دھوپ کا	۲۰۰۷ء
۲۔ لمحے اندھیروں کے	۲۰۱۱ء
۳۔ دریچہ	۲۰۱۸ء
۴۔ منظر سیاہ آسمانوں کا	۲۰۲۱ء
۵۔ رخت سفر	۲۰۲۲ء
۶۔ گماں سے آگے	۲۰۲۳ء

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Kashmir Treasure Collection.Digitization by eGangotri

Gumaan se Aagey

By : Sheikh Gulzar

❖ ❖ ❖

شیخ گلزار کئی دہائیوں سے اُردو شاعری کے گیسو سنوارنے میں مصروف کار ہیں۔ "گماں سے آگے" ان کا چھٹا شعری مجموعہ ہے۔ اس سے قبل ان کے کئی مجموعے دیکھے ہیں اور ان سب سے انہیں جو مقبولیت حاصل ہوئی ہے وہ قابل داد ہے۔ آپ مشاعروں میں اپنا کلام پڑھتے ہیں جو نہایت عام فہم زبان میں ہوتا ہے۔ انہیں دیکھ کر اکثر یہ دھوکہ ہو جاتا ہے کہ یہ خاموش طبع انسان کچھ بھی ہو سکتا ہے مگر کم سے کم شاعر تو نہیں۔ مگر جس تسلسل کے ساتھ وہ اُردو شاعری کی آبیاری کر رہے ہیں وہ بھی سراہنے کے قابل ہے۔ انہیں کالج کے زمانے سے ہی اُردو شعر و شاعری سے از حد دلچسپی رہی ہے۔ اس دوران انہوں نے پروین شاکر، احمد فراز اور احمد ندیم قاسمی کا بھی مطالعہ کیا ہے جس کے بعد ان کے کلام میں آہستہ آہستہ پختگی در آئی ہے۔ ان کی شاعری میں داخلیت پسندی کے ساتھ ساتھ خارجیت بھی بدرجہ اتم پائی جاتی ہے۔ ان کے کلام کا مطالعہ کرتے وقت ایک قاری کئی الفاظ کو بار بار استعمال ہوتے ہوئے اس نتیجہ پر آہی جاتا ہے کہ ان کے ایک پہلو میں کئی اور پہلو بھی ساتھ ساتھ ہوتے ہیں۔ ان کی شاعری کے کئی اہم وجوہ ہیں جن سے وہ پوری آب و تاب سے شعر آسماں پہ چمک رہے ہیں۔ پہلا وجہ یہ ہے کہ ان کے یہاں ہمکلامی ہے وہ خود کلامی سے تھوڑی پرے بھی ہے اور قریب بھی۔ جو کردار ان کے شعری پیکروں میں ابھر رہا ہے وہ انہیں محسوس کر پا رہا ہے پر ہاتھ آتا نہیں ہے۔ جس کے چلتے انہیں نئے احساسات سے نبرد آزمائی بھی رہتی ہے۔ اسی لیے یہ کلام کئی پہلوؤں سے تہہ دار اور معنی خیز ہے۔ ان کے یہاں فکری نظام شعری نظام سے بالکل اسی طرح میل کھاتا ہے جس طرح لفظ اور معنی۔ ان کے یہاں ان چیزوں کی ہم آہنگی ہے۔ دوسرا وجہ یہ کہ ان کے شعری سرمایے میں یہاں کی تہذیب وثقافت کی پاسداری بھی موجود ہے جو اپنی معنویت اور اہمیت منوا رہی ہے۔

ڈاکٹر گلزار احمد وانی

Layout : Mir Pervaiz # 9697476370, 9469155007